صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

مباحثات

بروز منگل مورخہ یکم اکتوبر 2013ء

(بمطابق 24 ذیقعد 1434 ہجری)

جلد 5   شمارہ 2

سرکاری رپورٹ

مندرجات   صفحہ نمبر

1۔ تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ — 71

2۔ اراکین کی رخصت — 72

3۔ پشاور میں دہشت گردی کے واقعات پر بحث
(گرجا گھر واقع کوہاٹی گیٹ پشاور، قصہ خوانی بازار اور سیکرٹریٹ بس) — 72

4۔ جناب سپیکر کی جانب سے اعلان — 80

5۔ پشاور میں دہشت گردی کے واقعات پر بحث
(گرجا گھر واقع کوہاٹی گیٹ پشاور، قصہ خوانی بازار اور سیکرٹریٹ بس) — 80

6۔ قاعدہ کا معطل کیا جانا — 135

7۔ قرارداد — 135

صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ یکم اکتوبر 2013ء بمطابق 24 ذیقعد 1434ہجری بعداز دوپہر چار بجے منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، امتیاز شاہد مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيقَهُم بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ○ قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلُ ۚ كَانَ أَكْثَرُهُم مُّشْرِكِينَ○ فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ الْقَيِّمِ مِن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهُ مِنَ اللَّهِ ۖ يَوْمَئِذٍ يَصَّدَّعُونَ۔

(ترجمہ): خشکی اور تری میں لوگوں کے اعمال کے سبب فساد پھیل گیا ہے تاکہ خدا اُن کو اُن کے بعض اعمال کا مزہ چکھائے عجب نہیں کہ وہ باز آ جائیں۔ کہہ دو کہ ملک میں چلو پھرو اور دیکھو کہ جو لوگ (تم سے) پہلے ہوئے ہیں ان کا کیسا انجام ہوا ہے۔ ان میں زیادہ تر مشرک ہی تھے۔ تو اس روز سے پہلے جو خدا کی طرف سے آ کر رہے گا اور رک نہیں سکے گا دین (کے رستے) پر سیدھا منہ کئے چلے چلو اس روز (سب) لوگ منتشر ہو جائیں گے۔ و آخِرُ الدَعوَانا اَنِ الحَمدُ لِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِینَ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جزاکم اللہ۔

اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں: محترمہ معراج ہمایون خان صاحبہ، ایم پی اے؛ جناب محمد رشاد خان صاحب، ایم پی اے؛ جناب ضیاء اللہ بنگش صاحب؛ جناب فضل حکیم خان صاحب؛ جناب محب اللہ خان صاحب؛ مسماۃ خاتون بی بی، ایم پی اے؛ جناب بخت بیدار صاحب؛ جناب سلطان محمد خان صاحب، ایم پی اے؛ جناب فخر عالم خان، ایم پی اے؛ جناب سکندر خان شیر پاؤ صاحب؛ جناب سردار ظہور احمد خان صاحب؛ محترمہ بی بی فوزیہ اور جناب ستار خان صاحب، ایم پی اے۔ Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The leave is granted.

پشاور میں دہشت گردی کے واقعات پر بحث

(گرجا گھر واقع کوہاٹی گیٹ پشاور، قصہ خوانی بازار اور سیکرٹریٹ بس)

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار اورنگزیب صاحب، پلیز۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب، میں آپ کا بڑا مشکور ہوں کہ آپ نے ایک انتہائی اہم مسئلے پر جس پر کل سے بحث جاری ہے اور اپوزیشن کی طرف سے یہ اجلاس اقلیتی برادری کے ساتھ یکجہتی کے لئے ہو رہا ہے، یہ گزشتہ ہفتہ ڈیڑھ ہفتے کے دوران جو یہ تین چار بڑے خوفناک قسم کے واقعات ہوئے، تو ان کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے اپوزیشن نے اس اجلاس کی ریکوزیشن کی تھی۔ الحمدللہ، اللہ تعالیٰ فضل کرے، میں یہ سمجھتا تھا کہ کل بھی ہمارے اس ہاؤس کے اندر جو اتنے اہم مسئلے کے اوپر سیچویشن سامنے رہی حکومت کی طرف سے، خصوصی طور پر اپوزیشن کی طرف سے تو یہ میسج جو صوبے کے عوام کو ہم دینا چاہتے تھے، غالباً ہم اس طریقے سے اس کو Convey نہیں کر سکے، تو جناب سپیکر صاحب، یہ کوئی معمولی مسئلہ نہیں ہے، میں سمجھتا ہوں کہ 1947ء سے لیکر آج تک جتنی جنگیں انڈیا کے ساتھ ہم نے لڑی ہیں، اتنا بڑا نقصان ان جنگوں میں نہیں ہوا ہے جتنا اس دہشت گردی کی جنگ میں ہمارے ملک کو اور بالخصوص صوبہ خیبر پختونخوا کو جو نقصان ہوا، تو ہمیں بڑا سیریس لینا چاہیئے اس مسئلے کو اور جو لوگ اس جنگ میں ملوث ہیں، جو ہمارے صوبے کے امن کو تباہ کر رہے ہیں جناب سپیکر صاحب، ان کا نہ کوئی دین ہے، نہ ان کا کوئی مذہب ہے اور وہ نہ خدا کو مانتے ہیں، نہ رسول ﷺ کو مانتے ہیں، نہ قرآن کو مانتے ہیں تو پھر ان لوگوں

کو ہمیں، یہ جو ہم اس ہاؤس میں بیٹھتے ہیں، بڑے ذمہ دار لوگ ہیں، ہمیں یہ میسج دینا چاہیئے کہ ہم ایک ہیں اور ہم متحد ہیں، دہشت گردی کی جنگ کے مقابلے کیلئے ہم میں کوئی تفریق نہیں ہے، ہم اکٹھے ہیں۔ کہتے تو ہم سب ہیں، سب سیاسی جماعتوں کے لوگوں نے کل بھی بات کی ہے کہ ہم پوائنٹ سکورنگ نہیں کریں گے بلکہ اس میں ہم اکٹھے ہونگے لیکن جب بھی کوئی بات کرتا ہے تو بات اسی پہ آتی ہے، پتہ نہیں پوائنٹ سکورنگ کا کیا مطلب ہے جو میں نہیں سمجھ سکا ہوں؟ تو جو میسج ہمیں دینا چاہیئے تھا، اس طریقے سے ہم Convey نہیں کر رہے ہیں۔ میں یہ ریکویسٹ کروں گا ہاؤس کے تمام ممبران سے اور یہاں پہ بیٹھے تمام سیاسی جماعتوں کے ممبران سے کہ ہمیں یہ عہد کرنا ہے کہ ہم نے ان لوگوں کا جن کا نہ کوئی دین ہے، جن کا نہ کوئی مذہب ہے، جو نہ مسجدوں کو معاف کرتے ہیں، نہ مندروں کو معاف کرتے ہیں اور نہ انہوں نے مسلمانوں کو چھوڑا ہے، نہ انہوں نے اہلسنت والجماعت کو معاف کیا ہے، نہ شیعہ برادری کو معاف کیا، نہ عیسائی برادری کو معاف کیا ہے، نہ اقلیت کو معاف کیا ہے تو ان کے خلاف حکومت کو ایک میسج دینا چاہیئے تھا۔ کل وزیر صحت صاحب بڑی اچھی باتیں کر رہے تھے لیکن کوئی کلیئر میسج وزیر صحت صاحب نے بھی نہیں دیا کیونکہ یہ حکومت کی ذمہ داری ہے اور ہم حکومت کے ساتھ ہیں، ہم حکومت کے ساتھ اس معاملے میں بالکل ان کا ساتھ دیں گے، پتہ نہیں جناب سپیکر صاحب، یہ آپ کے توسط سے میں حکومت سے پوچھنا چاہوں گا کہ یہ کیوں ڈرتے ہیں ان سے، کلیئر کٹ میسج کیوں نہیں دیتے ہیں؟ کہ ہم نے صوبے کے اندر امن لانا ہے اور اس کیلئے ہمیں جتنی بھی قربانیاں دینا پڑیں، خواہ وہ حکومت کی طرف سے کوئی ممبر آئے یا اپوزیشن کی طرف سے ہے تو وہ قربانی دینے سے ہم دریغ نہیں کریں گے۔ تو کلیئر کٹ آپ میسج دیں کہ ہم نے ان کا مقابلہ کرنا ہے اور یہ بڑے افسوس کی بات ہے، بالکل اے پی سی کا اجلاس ہوا، اس میں وزیر اعظم صاحب نے تمام سیاسی جماعتوں کو دعوت دی اور تمام سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے بالکل وہاں پہ شرکت بھی کی اور بہت اچھی تجاویز دیں اور اس اے پی سی کے اجلاس کے بعد حکومت کی طرف سے ایک پیشرفت ہوئی کہ طالبان کمانڈر جو ملا برادر تھے، برادر کو رہائی بھی دی گئی لیکن طالبان کی طرف سے کوئی پیشرفت نہیں ہوئی بلکہ انہوں نے اس مذاکراتی عمل کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کی اور میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں بھی انہیں یہ جواب دینا چاہیئے، اب یہ خرگوش کی طرح آنکھیں بند کر کے مار کھانے سے بہتر یہ ہے کہ زندگی موت تو اللہ کے اختیار میں ہے، ایک نہ ایک دن ہم نے جانا ہے اس دنیا سے، تو جرات کے ساتھ جناب سپیکر صاحب! آج سی ایم صاحب کو ادھر ہونا چاہیئے تھا، کل کے اجلاس میں بھی ہونا چاہیئے تھا، وہ

اس صوبے کے چیف ایگزیکٹیو ہیں، آئی جی صاحب کو اجلاس میں ہونا چاہیئے تھا جو اس صوبے کی تقریباً تمام فورسز کو کنٹرول کرتے ہیں، تو وہ بھی اجلاس میں نہیں تھے، اتنا اہم اجلاس ہے اور یہاں پہ اگر ہم اس کو سیریس نہیں لیں گے تو یہ کس طریقے سے ہم Message convey کریں گے کہ ہم ان لوگوں کا مقابلہ کریں گے؟ وہ بھی آ جائیں تھوڑی دیر کیلئے، تو جناب سپیکر صاحب، اس معاملے کو بالکل مطلب ہے جس طرح ہم Light لے رہے ہیں اور کل جو میسج ہم نے دیا ہے، یہ ہمیں کوشش کرنی چاہیئے، آج کم از کم Seriously کچھ تجاویز ایسی آنی چاہئیں، ہم تجویز دے سکتے ہیں عمل کرنا اس کے اوپر حکومت کا کام ہے اور حکومت کو چاہیئے کہ اگر کوئی اچھی پالیسی وضع کرے، جو دہشت گردی کے تین چار بڑے واقعات ہوئے ہیں جو انتہائی افسوسناک ہیں اور اس سے بڑا خوف و ہراس پھیل گیا ہے پورے صوبے کے اندر، تو اس کیلئے کوئی حکمت عملی انہوں نے جو اختیار کی ہے، جو اپنائی ہے، وہ بڑے افسوس کی بات ہوئی ہے۔ کل جو اقلیت کے ممبر پرویز صاحب نے جو ہسپتالوں کے حوالے سے کہ دھماکے کے بعد جو رویہ وہاں پہ اختیار کیا گیا ہے، اس کو بھی جناب ہیلتھ منسٹر صاحب نے گول مول کرنے کی کوشش کی تو ہیلتھ منسٹر صاحب سے میں یہ گزارش کروں گا کہ اس کے اوپر آپ ایکشن لیں اور آپ یہ دیکھیں کہ جس وقت یہ دھماکہ ہوا، اس دھماکے میں جو ہمارے روڈوں کی، سڑکوں کی پوزیشن ہے، اتنے تجاوزات ہوئے ہیں پورے شہر کے اندر، تو زخمیوں کو، جن لوگوں کی اس میں Casualties ہوئی ہیں، ان کو ہسپتال پہنچانے میں کتنی دشواریاں پیش آئی ہیں؟ اسلئے کوئی آپ پلان تیار کریں، ٹریفک کا پلان تیار کریں، موت اور زندگی تو اللہ کے اختیار میں ہے، تو حادثات اب ہو رہے ہیں، ان کیلئے کوئی منصوبہ بندی ہو اور پھر اس کے بعد جناب سپیکر صاحب، یہ دس سالوں سے کل ہیلتھ منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ یہ دھماکے ہو رہے ہیں، بالکل اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ دس سالوں سے ہو رہے ہیں اور آپ یہ دیکھیں کہ ان دس سالوں میں جو جماعتیں یہاں پہ Rule کر رہی تھیں، حکومت کر رہی تھیں، پچھلے پانچ سال جس جماعت نے حکومت کی، وہ دوبارہ نہیں آ سکی اور اس سے پچھلے پانچ سال جس جماعت نے حکومت کی تو شاید دوبارہ لوگوں نے انہیں ووٹ نہیں دیئے اور آپ کو لوگوں نے ووٹ دیئے، تو آپ اس کیلئے کوئی تدارک، آپ کے دور میں غالباً سو سے زیادہ دھماکے ہو چکے ہیں، آپ نے کیا تدارک کیا ہے، کیا پالیسی بنائی ہے اس کی رکاوٹ کیلئے؟ اور پھر اس کے بعد، ٹھیک ہے یہاں پہ پاکستان آرمی نے بھی اور ہماری پولیس نے اور دیگر فورسز کے جوانوں نے اور افسروں نے بے تحاشہ قربانیاں دی ہیں اور حکومت کو چاہیئے کہ آرمی سے اور پولیس اور دیگر فورسز سے جو انتہائی

اس میں اچھے اچھے لوگ بھی ہیں، اہل لوگ ہیں، دیانتدار لوگ ہیں، بہادر لوگ ہیں، ان کے اوپر ایک فورس تشکیل دے اس صوبے کے اندر، اس کو جدید اسلحے سے لیس کیا جائے اور اس کیلئے جدید قسم کی جو گاڑیاں ہیں اور اسلحہ ان کو Provide کیا جائے، کسی نہ کسی طریقے سے ہم نے ان لوگوں کا مقابلہ کرنا ہے اور اگر یہ مذاکرات کو بھی نہیں مانتے ہیں حالانکہ یہ مذاکرات کی جو پیشرفت حکومت نے کی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت بڑی پیشرفت تھی لیکن بجائے انہوں نے فائدہ اٹھانے کے الٹا انہوں نے کمزوری سمجھی ہے حکومت کی، تو اب حکومت کو ذرا جرات کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ جناب شوکت یوسفزئی صاحب! شوکت یوسفزئی صاحب، یہ آپ اگر اس کو اس طرح Light لیں گے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ پورے صوبے کے عوام کی ذمہ داری اس وقت صوبائی حکومت کے اوپر عائد ہوتی ہے، آپ اس کیلئے کوئی منصوبہ بندی کریں، کوئی پالیسی وضع کریں کہ یہ جو دہشت گردی کی جنگ ہے، کس طرح ہم نے اس سے نمٹنا ہے اور کس طریقے سے ہم نے اس کا مقابلہ کرنا ہے؟ اگر آپ اس کو گپ شپ میں رکھیں گے تو میرے خیال کے مطابق یہ مزید تباہی کی طرف ہم اپنے صوبے کے لوگوں کو لے جا رہے ہیں کیونکہ صوبے کے عوام نے آپ کو ووٹ تحفظ کیلئے دیا ہے، امن وامان کیلئے دیا ہے، آپ چینج لانا چاہتے تھے، آپ چینج لانا چاہتے تھے، کل آپ نے چھ مہینے مانگے ہیں کہ میں چھ مہینے کے اندر یہ کردوں گا، جب آپ منتخب ہوئے تھے، آپ نے تین مہینے مانگے تھے، پھر آپ نے 90 دن مانگے تھے تو آج غالباً 120 دن سے زیادہ آپ کے ہو گئے ہیں، ہم نے پہلے دن آپ سے کہا تھا کہ آپ کے اچھے کاموں میں ہم آپ کا بھرپور ساتھ دیں گے اور جہاں پہ آپ صحیح کام نہیں کریں گے، آپ کیلئے ہم رکاوٹ بھی بنیں گے، تو ہم جتنے ممبران اس اسمبلی، اس ایوان کے اندر جناب سپیکر صاحب! آئے ہیں، ہم تقریباً لاکھ سوا لاکھ کے لوگوں کی نمائندگی یہاں پہ کرتے ہیں اور یہ ہم پہ فرض ہے کہ ہم اپنے صوبے کے لوگوں کو امن جو ایک حکومت کی اولین ترجیح ہے، وہ فراہم کرنے کیلئے ہمارا یہ حق ہے کہ ہم اپنی طرف سے کوشش کریں اور آگے اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے زندگی اور موت کہ جو وقت اس کیلئے مقرر ہے، ایک نہ ایک دن ہم نے جانا ہے لیکن میں یہ ریکویسٹ کروں گا حکومت سے کہ بس جرات کے ساتھ یہ جواب دیں ان کو، اس وقت بھی عوامی نیشنل پارٹی سے ہمارے سیاسی اختلافات تھے، آج بھی تقریباً اسی طرح پوزیشن ہے لیکن میں عوامی نیشنل پارٹی کے قائدین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ پچھلے پانچ سالوں میں ان کی حکومت تھی، اگر یہ اس ساری چیز کو روک نہیں سکے تو کم از کم جو قربانیاں عوامی نیشنل پارٹی نے پچھلے پانچ سال، کسی اور جماعت نے اتنی قربانی نہیں دی جتنی عوامی نیشنل پارٹی کی طرف

سے اس دہشت گردی کی جنگ میں ان لوگوں نے قربانیاں دی ہیں، تو یہ ہم سب کو ایک نہ ایک دن ضرور اپنے طور پر، جن جن پارٹیوں کے اوپر ذمہ داری عائد کی ہے عوام نے، ہمیں اپنی ذمہ داری کا احساس کرنا چاہیئے۔ بڑی مہربانی، شکریہ۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب!

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر صحت): یو منټ، یو منټ۔ یو منټ جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی منور خان ایڈوکیٹ صاحب، پلیز۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: زه صرف دومره حد پورې دا یوه خبره کوم چې دلته چې کوم کسان تقریرونه کوی، یقینی خبره ده چې هغوی به ګورنمنټ Criticize کوی هم خو د دې مطلب دا نشو چې یره شوکت یوسفزئی صاحب په مینځ د تقریر کښې راپاڅی او د هغې جواب ورکوی۔ زه دا ریکویسټ تاسو ته کوم چې یره بهئ تنقید څه د دې د پاره نه کوی چې یره بهئ تاسو ګورنمنټ دغه کوی او ته په هغې تنقید باندېBlast شې او فوری د هغې تقریر جواب ورکول غواړې۔ شاه فرمان خان! کم از کم ته هم لږ سنجیده کس ئې، دا خپل کسانو لکوټې یو ګهنټه د اسمبلئ نه مخکښې چرته یو کلاس اخله چې هغوی په دې باندې پوهه کوه چې کم از کم د اسمبلئ دا روایات نه دی چې یره بهئ یو سړے تقریر کوی او ته فوراً پاڅې او جواب ورکوې نو دا د دې روایات نه دی او نه د اسمبلئ دا طریقه کار دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ منور خان صاحب۔ جی شوکت یوسفزئی صاحب۔

وزیر صحت: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ زه نه یم پوهه چې دا په کوم انداز کښې تاسو خبره وکړه، ما خو صرف هغه ته د یو خبرې یادهانی ورکوله۔ مونږه چرته د تیښتې خبره نه ده کړې، نه مو د بزدلئ خبره کړې ده، دا زمونږ صوبه ده او د دې صوبې سره مونږه ګپ لګول نه غواړو۔ نن چې دا هیلتهـ ډیپارټمنټ او وزیر صحت دومره یادیږی نو دا تاسو ته پته ده چې مخکښې خو چا پیژندو هم نه چې محکمه صحت شته که نشته په دې صوبه کښې؟ دا خو تاسو ټولو ته پته ده۔ دا نن چې کوم د Burn Center دوئ خبره وکړله نو تاسو ما ته اووایئ چې Burn Center په یو میاشت کښې جوړیدے شی؟ دا تاسو 67 سال څه کول دلته؟ دا لس کاله خو تاسو هم په اسمبلئ کښې ناست وئ، دا پینځه کاله ستاسو حکومت، دا پینځه کاله

دیخوا د دوئ حکومت پاتې شوے دے ، دا Burn Center، د لسو کالو راهسې دهماکې نه کیږی، دا نن یاد شو چې یره خلق سوزیږی او خلق دغه کیږی؟ دا خو تاسو Criminal negligence کړے دے ، دا ګوره د دې سره به ګپ نه لګوؤ، Burn Center په یو میاشت کښې نه شی جوړیدے ځکه ما شپږ میاشتې وئیلې دی او دا مې وئیلی دی ان شاء اللّٰه شپږ میاشتې پس به تاسو ته زه ثابتوم چې په دې صوبه کښې به یو Burn center نه وی څلور به وی۔ (تالیاں) ملاکنډ کښې، دیر کښې به وی، ان شاء اللّٰه چترال کښې به وی، بنوں او پشاور دا څلور به ان شاء اللّٰه شپږ میاشتې پس Burn Centers وی۔ ګوره دا یو منټ-----

(قطع کلامیاں)

__وزیر صحت:__ اوس تاسو هم لږ تمیز ایزده کړئ کنه، زما دا خبره واورئ، مهربانی وکړه-----

(قطع کلامیاں)

__جناب منور خان ایڈوکیٹ:__ جناب سپیکر! دا دوئ څه رنګه-----

__وزیر صحت:__ دا چې کوم درس تاسو شاه فرمان له ورکولو-----

__جناب ڈپٹی سپیکر:__ منور خان صاحب، منور خان صاحب۔

(قطع کلامیاں)

__وزیر صحت:__ دا چې کوم درس د شاه فرمان ته ورکولو نو اوس لږ ته پرې هم عمل وکړه کنه، مهربانی وکړه، اوس زما خبرې هم واؤره کنه-----

(قطع کلامیاں)

__وزیر صحت:__ ګوره جی تاسو بار بار دا وایئ چې حکمت عملی، زما دې ملګری خبره وکړله چې حکمت عملی نشته، اے پی سی چا راغوښتې ده، اے پی سی وفاقی حکومت نه ده راغوښتې؟ دا د جرات چې کوم مونږ ته سبق راکوی، دا د خپل لیډر ته اووائی کنه، مونږ ورته وئیلی دی چې مذاکرات وکړه؟ پخپله ئے اے پی سی رااوغوښتله، ټول قوم تاسو ټولو دستخطې کړې دی چې وړومبے به مذاکرات وی او د هغې نه پس، نن هغه خپل لیډر پسې خبرې کوی چې جرات

پکښې نشته دے ، چې نشته دے نو ورته اووایه کنه، دلته مونږ ته اسمبلئ کښې څه له وائې؟ دا داسې څیزونه دی، په دې باندې، ان شاء اللّٰہ ما چې کومه خبره کړې ده د هیلتھ حوالې سره، زه په هغې قائم یم، په یو یو لفظ قائم یم ان شاء اللّٰہ، ما چې کومه خبره کړې ده، ما اسمبلئ ته، سپیکر ته پخپله مې وئیلی دی چې په خپله سربراهئ کښې پارلیمانی کمیټی جوړه کړه او انکوائری وکړه چې کومې دهماکې زمونږ په وخت کښې شوې دی، Mishandle شوی وی کوم زخمی، زه حاضر یم دلته چې کومه سزا ورکوئ حاضر یم، چې کوم تاسو تجویز راکوئ په هغې به زه عمل کوم، هسې پوائنټ سکورنګ مه کوئ سیاست کښې، په دې نه کیږی، تاسو خپل وخت پانچ پانچ سال تیر کړی دی، تاسو په خپل وخت کښې هیڅ هم نه دی کړی۔ (تالیاں) تاسو قوم سره مذاق کړے دے چې کومه د قوم پیسه وه، هغه په کمیشنونو او جیبونو ته تلې ده، اوس ان شاء اللّٰہ دا پیسه به مونږ په خلقو لګوؤ۔ (تالیاں) تاسو به شپږ میاشتې پس اووینئ چې برن سنټرې به هم وی، هیپاټائټس سی سنټر به هم وی، په دې نه کیږی چې تاسو راپاڅئ او تنقید شروع کړئ۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جناب۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ، میں ایک بات کرنا چاہتا ہوں پھر، ایک بات، میں تمام اراکین۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ پلیز تھوڑا تشریف رکھیں جی۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب مفتی سید جانان: جناب سپیکر!

جناب سردار حسین: یو خبره ورته یاد ول غواړم جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں صرف ایک بات کرنا چاہتا ہوں پھر بے شک آپ کو ٹائم دیتا ہوں، ایک بات میں پہلے کر لوں پھر آپ بولیں۔ میری تمام اراکین اسمبلی سے گزارش ہے، میرے لئے خدا کی قسم آپ لوگوں میں کوئی فرق نہیں ہے، وہ اس سائڈ کے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں یا اس سائڈ کے بیٹھے ہوئے ہیں، یہ آپ

ذہن میں رکھ لیں۔ میں زیادہ تر کوشش کرتا ہوں کہ میں اپوزیشن، چونکہ اپوزیشن کے معزز ارکان نے ریکوزیشن کی ہے اور ان کو میں زیادہ ٹائم دے رہا ہوں تو مہربانی کر کے اتنا خیال رکھیں کہ ایک بندہ جو بھی بولتا ہے تو اس کے علاوہ چیئر کے سامنے دوسرا بندہ بولنے کی جرات نہ کرے تو بڑی مہربانی ہوگی، آپ کی نوازش ہوگی۔ میں سردار حسین بابک سے گزارش کرتا ہوں، کچھ بولنا چاہتے ہیں جی۔

جناب سردار حسین: شکریه، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! نن خو، اصل کښې دا ده د اپوزیشن چې زمونږ خومره ملګري دي، شوکت ئے ډیر زیات خوښ دے چې کله هغه پاڅي نو بیا دا د خوښې، د هغه سره ئے ډیره زیاته مینه ده او دویمه خبره سپیکر صاحب! دا چې مونږ په دې خبره هم ډیر زیات خوشحالیږو چې نوے حکومت چې دے، نوے حکومت چې دے، هغه په هیلتھ کښې به کارونه هم کوی خو زه د دوئ په نوټس کښې راوستل غواړم چې د دې صوبې په تاریخ کښې به چرته داسې نه وی شوی چې ژوندی خلق، خلق به ئے په تابوتونو کښې اچولی وی او بیا چې هلته جنازې ته ئے وړی دی نو د جنازې نه ئے واپس راوړی چې دا خو مړ نه دے دا خو ژوندے دے، نو ښه خبره ده که چرې داسې کوی۔ (شور) که چرې داسې کوی، مونږه ئے Appreciate کوؤ، مونږه ئے Appreciate کوؤ۔۔۔۔۔

(شور)

وزیر صحت: دا دوئ هسې شور جوړ کړے دے، په ایل آر ایچ کښې ئے شور جوړ کړے وو۔۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت یوسفزئی صاحب۔

وزیر صحت: په ایل آر ایچ کښې ئے توړ پھوړ کړے دے، داسې چرته نه دی شوی، توړ پھوړ چرته نه دے شوے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت یوسفزئی صاحب! پلیز تشریف رکھیں۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب! اگر واقعی میرے بھائی شوکت یوسفزئی صاحب اتنے سیریس ہیں Health facilities دینے میں تو ہم Appreciate کریں گے ضرور، لیکن میں یہ واقعہ اسی لئے یاد

دلانا چاہ رہا تھا کہ کسی بھی حکومت میں اس طرح نہیں ہوا کہ کسی زندہ شخص کو تابوت میں ڈالا گیا ہے، وہاں جا کر جنازگاہ پہ ان کو پتہ چلا کہ یہ جو ہے مرا نہیں ہے، زندہ ہے، تو صرف اس کی یاد ہانی کیلئے میں یہ۔۔۔۔۔

(تالیاں)

مفتی سید جانان: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر کی جانب سے اعلان

جناب ڈپٹی سپیکر: میں ایک اعلان کرتا ہوں، پھر اس کے بعد۔ میں اپنی جانب سے اور تمام معزز اراکین اسمبلی کی طرف سے فضائیہ کالج آف ایجوکیشن برائے طالبات کی پرنسپل صاحبہ، سکواڈرن لیڈر عفت کلثوم اور ان کے تمام سٹاف کو اور سٹوڈنٹس کو خوش آمدید کہتا ہوں۔ جناب مفتی جانان صاحب، پلیز۔

پشاور میں دہشت گردی کے واقعات پر بحث

(گرجا گھر واقع کوہاٹی گیٹ پشاور، قصہ خوانی بازار اور سیکرٹریٹ بس)

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ زه جی دا ماحول بدمزګئ طرف ته نه بوځم، زه د خير خبره کوم جی خو زه جی دا وايم چې دې اجلاس کښې مونږ د پرون نه کوم حالات ګورو، دا اجلاس چې په کومې ايجنډې باندې راغوښتے شوے دے، د هغې ايجنډې افاديت غالباً غالباً زه به ډير معذرت سره اووايم چې زمونږ زړونو کښې نشته دے او هغه ځکه که تاسو وګورئ دلته اکثر ملګرى د حکومت د يو بل سره ناست دى او مطلب دا دے شوک درخواستونه وړى او څوک څه کوى او څوک څه کوى او که دلته نه ملګرى خبره وکړى، د اصلاح په نيت باندې خبره وکړى، زه به دغه ملګرو ته، دغه سنګ ته ناستو ملګرو ته ډير ګزارش کوم چې تاسو حکومت کښې يئ، حکومت دا دومره اسان کار نه دے، دا لوئې زړه غواړى، دا به د هر چا خبره اورې او د هرې خبرې به جواب ورکوې، که دغه شان مونږ مينځ کښې په چهيړ يو يا وايو چې د دې نه مخکښې فلانکے حکومت وو، هغه داسې کړى وو، بيا ورپسې دا حکومت راغلو، دوئ داسې وکړل، اوس به بيا به بل حکومت راشى، هغه به وائى چې مخکښې حکومت کښې داسې شوى دى، زه به هغه شان کوم۔ جناب سپيکر صاحب، بيا د دغې معاشرې د دغه خلقو د بيا خدائے مل شى، بيا د دغې خلقو هيڅوک نشته دے۔

دغه د دې صوبې Cream دی، دا د دې صوبې نمائندګان راغلي دی، که چرې د عوامو نمائندګانو دا حالات وی، د عوامو نمائندګانو د دغې خلقو وینو توئیدو کښې دا عدم دلچسپی وی جناب سپیکر صاحب، بیا به د امام مهدی انتظار کوؤ چې کله امام مهدی راشی بیا به زمونږ د وینو تپوس کوی۔ زما اخری ګزارش دا دے چې دې ټولو خبرو سره سره حکومت او اپوزیشن د کښینی، مونږ د په دغې خبرې باندې پوهه کړی چې آیا دا مذاکرات شوی دی او که نه دی شوی؟ د کوم حده پورې شوی دی او کوم ځائې کښې رکاوټ دے؟ که وینه توئیږی د دغې صوبې توئیږی او د پښتنو توئیږی، که تکلیف کښې ده نو دا صوبه ده او دغه پښتانه دی ورکښې، مرکز وائی چې د صوبې کار دے او صوبه وائی چې د مرکز کار دے۔ که خبرې شوې وی خو ډیرې ښې دی او که نه وی شوې، مونږ به علی الاتفاق یو داسې قرارداد، یو شے راؤړو چې قومی اسمبلئ کښې کوم خلق ناست وی، قومی کوم قیادت دے، هغوی ته دا ګزارش وکړو چې زمونږ پښتنو باندې نور رحم وکړئ او بس مطلب دا دے چې زمونږ وینې ډیرې توئې شولې، ان شاء الله العظیم که نور هیڅ نه وی خو زمونږ د طرف نه به د دې عوامی نمائندګانو طرف نه به د یو خیر میسج وی۔ وآخِرُالدَعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جناب سلیم خان صاحب۔

<u>جناب سلیم خان</u>: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ جس موضوع کے اوپر کل سے یہاں پر بحث ہو رہی تھی، سب سے پہلے میں جو چرچ پر حادثہ ہوا، اس کے بعد سیکرٹریٹ کے ملازمین کی بس کے اوپر جو حادثہ ہوا، پھر قصہ خوانی میں جو دھماکہ ہوا، میں اپنی طرف سے شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہوں اور ساتھ ساتھ ان خاندانوں کے ساتھ بھی ہماری دلی ہمدردی ہے کہ جن کے جوان بیٹے، جن کے بچے، جن کی خواتین اور بزرگ ان حادثات میں شہید ہو چکے ہیں، اللہ ان سب کو اپنے جواہر رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور جو زخمی ہسپتالوں میں ہیں، ہماری دعا ہے کہ اللہ پاک ان کو جلد شفاء نصیب کرے۔ سر، جن حالات سے ہم گزر رہے ہیں اور جس حالت جنگ میں خاصکر ہمارا صوبہ ہے، اس حالت جنگ سے نکلنے کیلئے ہم سب نے ملکر سوچنا ہے اور ہم سب نے ایک سنجیدہ Role play کرنا ہے، چاہے کوئی گورنمنٹ میں بیٹھا ہو یا کوئی اپوزیشن میں بیٹھا ہے کیونکہ یہ ملک ہمارا ہے، یہ صوبہ ہمارا ہے اور یہ معصوم بچے ہمارے ہیں۔ کل یہاں پر

نگہت بی بی نے بچوں کے جو جوتے اور کپڑے یہاں پر دکھائے یقیناً ہم سب بہت زیادہ افسردہ ہیں، خون کے آنسو رو رہے ہیں اور جتنا بھی افسوس کیا جائے، وہ بہت کم ہے مگر جناب سپیکر صاحب، کب تک ہم یہ افسوس کرتے رہیں گے اور کب تک ہم یہ مذمتی قراردادیں پیش کرتے رہیں گے اور کب تک یہ تعزیتیں ہوتی رہیں گی؟ جناب سپیکر، یہ حالات جو ہیں اس ملک میں، خاصکر اس صوبے میں ہمارے لوگ بہت مشکل سے زندگیاں گزارتے ہیں، سب کی زندگی اجیرن ہوچکی ہے اور اس حوالے سے میں حکومت وقت سے گزارش کرتا ہوں کہ جو لوگ آج حکومت میں بیٹھے ہیں، چاہے وہ مرکز میں ہیں، چاہے وہ صوبے کے اندر حکومت کر رہے ہیں، حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ شہریوں کو تحفظ فراہم کرے، ان کی جان و مال کی حفاظت کرے مگر صد افسوس کہ جن لوگوں نے ایک تبدیلی کی خاطر مرکز میں نون لیگ کو حکومت دی اور صوبے کے اندر تحریک انصاف اور ان کے کولیشن پارٹنرز کو حکومت دی اور ہم سب کی خواہش تھی اور ہے کہ نئے چہرے ہیں اور نئے لوگ ہیں، ایک جذبے کے تحت یہ آئے ہیں خدمت کیلئے اور ہم سب یہی سوچ رہے ہیں کہ شاید ان لوگوں نے جو نعرے الیکشن میں لگائے تھے، وہ ان نعروں کو عملی جامہ پہنا کر دکھائیں گے اور سب سے اولین جو فرض ان کا ہے، وہ اس ملک میں، اس صوبے میں امن وامان کی بحالی ہے۔ میں اکیلے تحریک انصاف کی حکومت کو مورد الزام نہیں ٹھہراتا ہوں بلکہ اس میں مرکزی حکومت جو ہے، اس کی اولین فرض ہے کہ وہ اس ملک میں نہ صرف صوبہ خیبر پختونخوا میں بلکہ کراچی کے حالات آپ کے سامنے ہیں، بلوچستان کے حالات آپ کے سامنے ہیں، پنجاب کے اندر بھی واقعات ہوتے رہتے ہیں مگر یہ صوبہ جو ہے، ہمارے لوگ آگ کے اندر ہیں، حالت جنگ میں ہیں تو اس سلسلے میں مرکزی حکومت سے ہماری اپیل ہے، جناب نواز شریف سے ہماری اپیل ہے کہ وہ سب سے پہلے۔۔۔۔

(عصر کی اذان)

جناب سلیم خان: جناب سپیکر صاحب، میں گزارش کر رہا تھا کہ سب سے اولین ذمہ داری جو ہے، وہ فیڈرل گورنمنٹ کی ہے، پرائم منسٹر صاحب سے میری گزارش یہی ہے کہ سب سے پہلے ڈرون حملے جو ہیں ان کو بند کریں۔ (تالیاں) اس ملک کے اوپر بار بار ڈرون حملے ہو رہے ہیں، سب سے پہلے یہ ڈرون حملے بند ہونے چاہیئں۔ اس کے بعد جو اے پی سی میں فیصلے آچکے ہیں Decisions، ان کو Implement کیا جائے۔ اگر مذاکرات کرنا چاہتے ہیں، واقعی حکومت اگر سنجیدہ ہے مذاکرات میں، اگر اس کا کوئی نتیجہ نکلتا ہے تو مذاکرات کریں، اگر اس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلتا تو پھر جس طرح گزشتہ حکومت نے

ایک Decision لیا تھا، میں آصف علی زرداری صاحب اور گیلانی صاحب کو سلام پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے جس طرح ایک Bold decision لے کے سوات کے اندر آپریشن کیا (تالیاں) اور ان دہشت گردوں کو ملک سے بھگایا اور وہ دہشت گرد ہمارے ملک کا پرچم اتار چکے تھے، انہوں نے Deadline دی تھی کہ بہت جلد ہم اسلام آباد کے اوپر قبضہ کریں گے مگر ہماری حکومت نے جب Bold step لیا اور ایک کامیاب آپریشن کیا تو اس آپریشن کے نتیجے میں آج ملاکنڈ ڈویژن کے اندر خصوصاً سوات کے اندر اگر آپ دیکھیں تو 100% وہاں پہ امن آچکا ہے اور ایک ایسا وقت تھا کہ کوئی نہیں سوچتا تھا کہ سوات میں بھی کبھی امن آئے گا۔ جناب سپیکر، حکومت وقت کو ایک Bold decision لینے کی ضرورت ہے، حکومت جو بھی کرنا چاہتی ہے، چاہے مذاکرات کرنا چاہتی ہے، چاہے ان دہشت گردوں کے خلاف کوئی سخت ایکشن لینا چاہتی ہے تو وہ جلدی لے، اس میں دیر نہ کرے کیونکہ جتنا بھی ہم ان کو ڈھیل دینگے، جتنا بھی ہم ان کو ٹائم دینگے تو یہ مزید طاقتور بنیں گے اور یہ حادثات جو ہیں، یہ بار بار ہوتے رہیں گے۔ تو جناب سپیکر، میں خصوصاً صوبائی حکومت سے اس حوالے سے یہی اپیل کرونگا کہ جو نیٹو سپلائی ہمارے دور میں چھ مہینے تک ہم نے بند رکھی، اگر یہ حالات ہمارے اوپر ہو رہے ہیں تو یہ نیٹو سپلائی بند کی جائے (تالیاں) اور اس کے ساتھ ساتھ حکومتی بنچوں پہ بیٹھے ہوئے میرے دوستوں سے، میرے بھائیوں سے ایک گزارش یہی ہے کہ جو بھی بات اپوزیشن بنچوں سے آتی ہے، کوئی مشورہ آتا ہے، کوئی بات ہوتی ہے تو Kindly تحمل سے سنا کریں، تھوڑا سا Patience اپنے اندر لے آئیں اور تھوڑا سا ہمیں سنا کریں، اس کے بعد جو ہمارے معزز منسٹرز صاحبان ہیں، سب ہمارے بھائی ہیں، ان کی ہم قدر کرتے ہیں اور تحمل سے اگر کوئی جواب دے تو یہاں پہ اسمبلی کا ماحول بہتر ہوگا اور جو بھی ہم Decision لیں گے اس حوالے سے، ہم نے مل کے لینا ہے اور اس صوبے کو بچانا ہے۔ تو میری گزارش یہی ہے خاصکر ہمارے محترم شوکت یوسفزئی صاحب سے کہ ہیلتھ کے اندر جو تبدیلی وہ کرنا چاہتے ہیں بالکل ہم اس کو ویلکم کرتے ہیں، جہاں پہ برن سنٹر کی ضرورت ہے، بالکل بننا چاہیئے تھا، ہماری حکومت میں بالکل یہ ایک پلان ہوا تھا، Implement نہیں ہوا تھا، ہماری حکومت ختم ہوئی، ابھی ان کے ہاتھ میں فیصلہ ہے اور یہ اس کو آگے لے کر جائیں۔ اس طرح پشاور کے اندر Thousand beds کا بے نظیر بھٹو شہید کے نام سے ایک ہسپتال، وہ پی ایس ڈی پی، فیڈرل پی ایس ڈی پی سے Approve بھی ہو چکا ہے، اس کیلئے زمین بھی لی گئی ہے تو مہربانی کرکے اس پراسیس کو آگے لیکر جائیں تاکہ اس طرح کے جب بڑے واقعات ہوتے ہیں تو

ہمارے ہسپتال جو ہیں، وہ بھر جاتے ہیں اور وہاں پہ مسئلے ہوتے ہیں تو کم از کم یہ ہسپتال اگر بنے گا تو بہت سارا لوڈ جو پشاور کے دو تین ہسپتالوں کے اوپر ہے، وہ کم از کم کم ہوگا اور اس کے ساتھ ساتھ یقیناً شوکت صاحب کام کرنا چاہتے ہیں، ایک Educated اور تجربہ کار آدمی ہیں تو میری گزارش یہ ہے کہ ہیلتھ سیکٹر کے اندر یہ جب تک Peripheries میں ہیلتھ انسٹی ٹیوشنز کو بہتر نہیں بنائیں گے تو Definitely جو لوڈ ہے، وہ پشاور کے اوپر ہے اور پشاور کے اوپر جو لوڈ ہے، وہ بڑھتا جائے گا تو میری یہی گزارش ہوگی کہ آج کل جہاں پہ ڈاکٹروں کی کمی ہے، وہ اس کو پورا کریں اور خاصکر جو ہمارے بھائی کنٹریکٹ پہ Last Government میں اپوائنٹ ہو چکے تھے تو وہ ایک ڈھائی سو کے قریب ہیں، وہ ڈاکٹرز، وہ بار بار یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ ان کو مستقل کیا جائے تاکہ وہ ایک دلجوئی کے ساتھ خدمت کریں اور ان Peripheries میں جا کے وہ Already خدمت کر رہے ہیں، تو میری یہی گزارش ہوگی شوکت صاحب سے کہ وہ ڈاکٹرز جو Peripheries میں کام کر رہے ہیں، جو Contract basis پہ ہیں، کوئی زیادہ نہیں ہیں تو مہربانی کر کے اگر ان کو بھی Permanent کیا جائے تو یہ ایک بہتر Decision ان کی طرف سے ہوگا۔ اس کے ساتھ سر، یہ قصہ خوانی کے اندر، قصہ خوانی کے اندر جو دھماکہ ہوا ہے (مداخلت / قطع کلامی) جو دھماکہ قصہ خوانی کے اندر ہوا ہے، وہاں پہ بہت ساری تاجر برادری ہماری ہے، ان کے املاک کو نقصان پہنچا ہے اور وہ بہت زیادہ۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر صحافی حضرات پریس گیلری سے باہر چلے گئے)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: شاہ فرمان صاحب سے گزارش ہے کہ یہ دیکھیں صحافی برداری شاید پتہ نہیں کیا مسئلہ ہے؟

<u>جناب سلیم خان</u>: تو سر، میری گزارش یہی ہے کہ جو متاثرہ تاجر ہیں، ان کیلئے کوئی سپیشل سر، میری گزارش یہی ہے شوکت صاحب! شوکت صاحب اگر نوٹ کر لیں، قصہ خوانی کے اندر جو لوگ متاثر ہو چکے ہیں جو کاروباری حضرات، ان کیلئے سپیشل ریلیف پیکج کا اعلان کیا جائے اور Secondly ہماری گورنمنٹ میں خاصکر صوبے کے کاروباری لوگوں کیلئے ایک خاص ریلیف دی گئی تھی، اس ریلیف کو اگر Extend کیا جائے کیونکہ صوبہ حالات جنگ میں ہے، صوبہ میں مکمل طور پر کوئی امن نہیں آیا ہے تو اس ریلیف کو اگر Extend کیا جائے تو یہ میرے خیال میں بہتر ہوگا ان لوگوں کیلئے جو Already اس صوبے کے اندر

کاروبار کر رہے ہیں اور متاثر بھی وہی ہو رہے ہیں، ان کا کاروبار ہو رہا ہے تو میری یہی گزارش ہے کہ ان کے ساتھ ہمدردی کی جائے۔Thank you so much, janab Speaker, thank you۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ مہرتاج روغانی صاحبہ! مہرتاج روغانی صاحبہ۔

محترمہ مہرتاج روغانی {معاون خصوصی (سماجی بہبود)}: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ Thank you very much, Mr. Speaker۔ ما پرون او نن دا دغه ډیر په غور سره واؤریدو نو دیکښې ما وکتل چې Agenda is the same, goal is the same، مونږ ټول یو خبرې ته تلل غواړو خو I don't know چې ولې پکښې Fraction راشی، ولې بیل بیل لاړ شو، گنې End results مونږ او دوئ، ستاسو Left side ته او ستاسو Right side ته Effect and result یو غواړی، یو خو مې دا وئیل۔ دویم مې دا خبره کوله چې زمونږ ډاکټران لږ پرون Because I am like their mother، نو ما له ئے لږ دغه وکړو، خفگان ئے ظاهر کړو چې مونږ خو خپل طرف نه ورخ او شپه یو کړل، سترگې مو وپړسیدې، زه دلته لږ غوندې کلیئر کول غواړم پلیز چې دا سرجری چې ده کنه، دا سرجری د عام سرجری نه بیله ده، دا دا نه دے لکه یو Gall bladder آپریشن دے، هغه د لرې کړو، په دیکښې Vascular surgery ده، Vascular surgery دې ته وائی چې دا رگونه نری کټ شی او دوه رگونه چې یو ځائې کوی نو په هغې گهنټې لگی، دا Compound fracture دے، دا Simple fracture نه دے، د یو ډاکټر پرې څلور گهنټې په آپریشن لگی نو دا Cardiac bypass نه گران مسټر سپیکر، دا دغه دے۔ زما خیال دے چې دلته کښې چې چا د ډاکټرانو خبره وکړه، هغوی دا Understand کوله نه چې دا هغه عام آپریشنونه نه دی چې کوم دی، په یو یو مریض څلور او شپږ گهنټې دغه دے نو هغوی وئیل چې گوره په ډاکټرانو کښې به ښه وی او بد هم وی خو Majority are good people، زمونږ په اسمبلئ کښې هم ټول خو فرښتې خو نه یو ناستې، څه به بد هم وی نو Overall په ډاکټر پسې خبره کول، هغوی ډیر زیات خفه دی، که چا وئیل چې Extra time هغه چې دے چرته جونیئر ډاکټر، چا ته چې تنخواه نه ملاؤیږی May be they have said۔ یو دا بله خبره ما ستاسو په اپوزیشن کښې Contradiction وکتو، یو گروپ اووئیل چې بهئ تاسو د انا مسئله جوړه

کړي ده، تاسو خلق چې دے نو مونږ وایو چې بهر ته ئے ولیږئ د هسپتال نه، تاسو ئے نه لیږې And at the same time, another group said، هم د اپوزیشن نه چې بهئ تاسو دا Burn cases ولې لیږئ؟ Really there was contradiction د دوئ په خپلو خبرو کښې، چې یو وائی چې ولې مو لیږلی دی او بل وائی چې تاسو لیږلې وے Burn cases، ځنګه شوکت صاحب اووئیل چې دغه دے، دا یونټ نه وو، ما پخپله لیږلی دی، درې Patients وو، هغه Unfortunately ما ته دوئ اووئیل چې پکښې یو Patient died there نو مطلب سیریس وو، بل تاسو ته چې شوکت صاحب اووئیل شپږ میاشتې پس، هغه درته دا نه وائی، هغه دا وائی چې Burn units شپږ میاشتې پس، نور حالات هغه لګیا دی ټهیک کوی، یو دغه پوائنټ وو۔ دریم ستاسو په اپوزیشن کښې یو اووئیل چې There is sort of, you know, rush and there is no way هسپتال ته، زما ډاکټران صاحبان وائی چې پلیز که تاسو هسپتال ته راځئ هم نو چې کوم وخت کښې دا دهماکه وشی نو خیر دے د پښتنو کلچر دے You must come خو لږ په جمګټو کښې مه راځئ، زمونږ د سر د پاسه مه ودریږئ، لږ لږ راځئ او د ایم ایس په دفتر کښې کښینئ Because ځومره کیسز د Infection نه لګیا دی خرابیږی، ولې Infection نه چې مونږ خو Mask نه وی تړلې، مونږ Caps نه وی اچولې نیغ ورننوځو مریضانو له، نو پلیز زما تاسو ته، خپل ګروپ ته مې هم خواست دے، اپوزیشن ته مې خواست دے چې بالکل ځئ تپوسونو له خو You go and sit in the MS office respectably، چائې به هم درکوی، هر څه به درکوی خو ټول د مریضانو کتونو له مه ځئ۔ نمبر ټو زمونږ د پښتنو کلچر دے چې Please when you go, you take something with you، اوس د اسلام آباد نه راغلل وهیل چیئرز ئے راؤړل، سټیچرې ئے راؤړلې، د پیئانو ټیمان، Sorry, what you call it? کاټنونه ئے راؤړل، هر څه ئے راؤړل، نو زمونږ د پښتنو کلچر دے د دې ځائې نه ما ته د اووائی چې کوم یو کس تلے دے سول، څه ئے وړی دی؟ د ګلونو ګلدسته ئے هم نه ده وړې نو هسې هلته کښې رش جوړول، هلته د ډاکټرانو په سر ودریدل This is terribly bad, honestly، هغه بله ورځ یو صحافی اووئیل چې زه ډاکټرانو ته سلام کوم، په دې سلام کوم چې

قسم په خدائے دومره It was so hot and the doctor was really because دومره خولو کښې چک چور وو، څلور ګهنټې آپریشن کښې چې قمیص کښې ئے دغه نه وه، نو لږ هغوی Appreciate کړئ، هغوی کار کړے دے۔ ما بهر کار کړے دے، تاسو به ډیر بهر ملکونو ته تلی یئ I know که دوه سوه قسم په خدائے په هغوی ایمرجنسی راغلې .Even they wouldn't be able to handle it Because the reason is, as I told you one surgery, one operation takes two to three hours نو Please overall دغه مه پاس کوئ او هسپتالونو کښې رش مه جوړوئ، مریضانو له په سر مه ودریږئ او لږ یو طرف ته یئ۔ Thank you very much۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: نماز کا وقفہ ہے، وقفہ برائے نماز۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز عصر کیلئے ملتوی ہوگئی)

(وقفہ کے بعد جناب ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: مولانا عصمت اللہ صاحب۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار حسین بابک صاحب، پلیز۔ یو منټ جی یو منټ۔ سردار حسین بابک صاحب، پلیز۔

(صحافی حضرات پریس گیلری میں تشریف لے آئے)

جناب سردار حسین: شکریه، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، دا زمونږ د پریس ګیلرئ ټولو صحافیانو ورونړو اوس احتجاج کړے وو او هغوی احتجاجاً واک آؤټ هم کړے وو او نن سحر ما په Express Tribune کښې او 'ایکسپریس' اخبار کښې او بیا په 'ایکسپریس' چینل باندې هم ما بیګاه کتلی وو چې وزیر اعلیٰ صاحب د میډیا باره کښې چې کوم الفاظ استعمال کړی وو چې دا دهشت ګردی چې ده، دا د میډیا په وجه باندې ده، خدائے شته زه پخپله هم ډیر زیات په دې خبره باندې حیران شوم او په دې خبره باندې ډیر زیات خفه هم شوم، ما ته دا

خبره ډیره زیاته افسوسناکه په دې حواله هم ولګیده چې میډیا خو هغه خلق دے چې زما یقین دا دے چې سیاست او د صحافت تعلق چې دے دا لازم او ملزوم دے ، یعنی د سیاست ګزاره بغیر د صحافت نه کیږی او د صحافت ګزاره بغیر د سیاست نه کیږی او زه خو به د یو سیاسی کارکن په حیث باندې دا خبره وکړم چې مونږ سیاسی کارکنان خو چې ډیره ایزدکړه کوؤ ، دا د دې صحافت نه کوؤ او بیا په دې وطن کښې یا په ټوله دنیا کښې چې څومره سینیئر جرنلسټان دی، تجزیه کاران دی، مونږ دا ایزدکړه د هغوی نه کوؤ۔ زه په دې خبره باندې ډیر زیات افسوس کوم او بیا دا کومو ورونړو چې زمونږ واک آؤټ کړے وو، بیا منسټر هم راغے او هغوی له ئے یقین دهانی ورکړه، زما خو به دا خواست وی چې نه ده پکار، د میډیا نه خو به د اپوزیشن هم ګیلې وی، میډیا والا نه به د حکومت هم ګیلې وی او زما یقین دا دے چې میډیا هغه شعبه ده، صحافت هغه شعبه ده چې د دوئ نه د هر چا ګیلې وی، دوئ خپل کار کوی، زه دا ګنړم چې میډیا چې ده، دا د دې وطن آئینه ده ځکه چې په دې وطن کښې څه کیږی هغه میډیا کښې Reflect کیږی، دوئ زمونږ د مسائلو نشاندهی کوی، بیا دوئ تر ډیره حده پورې د هغه مسائلو ادراک کوی او زه به دا اووایم چې په دهشت ګردئ کښې خو یو طبقه فکر هم بچ نه ده پاتې، لکه تاسو نن د دوئ پریس کلب ته لاړئ نو هلته چې په کوم انداز کښې د دوئ پروټیکشن دے ، تاسو ته معلومه هم ده چې په تیرو وختونو کښې په پریس کلب باندې هم حملې شوې دی، ډیر صحافیان هم شهیدان شوی دی نو زه دا ګنړم چې د صوبې د دومره ذمه واره انسان، د چیف ایګزیکټیو د خلې نه دا الفاظ چې دی، د دې د پاره مونږ د اپوزیشن د طرف نه د هغې مذمت هم کوؤ، په هغې باندې افسوس هم کوؤ او د حکومت نه دا غوښتنه کوؤ چې د هغې الفاظو پکار دا ده چې Excuse د وکړی، Apology د وکړی، معافی د وغواړی۔ بهرحال که میډیا سره د حکومت څه مسائل وی، دلته انفارمیشن منسټر هم پکار دا ده، زما یقین دے اوس به راشی چې دوئ سره کښینی چې هغه مسئلې، خو د دې دومره اعلیٰ شعبې متعلق دا الفاظ چې دی دا ښه نه دی، دا قابل افسوس دی، دا حیران کن دی او مونږ غواړو دا چې حکومت په هغې باندې معذرت وکړی، د هغې بخښنه وغواړی او مونږ شکریه هم ادا کوؤ د

میډیا والا چې هغوی خپل واک آؤټ ختم کړو او بیا راغلل او د پریس یا د اسمبلئ د کارروائی ریکارډنګ هغوی شروع کړو۔ مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب عصمت اللہ خان صاحب۔

جناب محمد عصمت اللہ: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، میں آپ کا انتہائی مشکور ہوں کہ جس مسئلے کیلئے اور جو اسمبلی کا اجلاس خصوصی طور پر بلایا گیا ہے، وہ ہے کوہاٹی گیٹ گرجا گھر پر خود کش دھماکوں کے حوالے سے بحث اور جناب سپیکر، اس کے ساتھ ساتھ اسمبلی اجلاس کی ریکوزیشن اپوزیشن کی طرف سے کرنے کے بعد دو انتہائی افسوسناک اور دلخراش واقعات اور رونما ہوئے۔ جناب والا، ہم سر دست اس پورے ہاؤس کی طرف سے اس بات کی مذمت کرتے ہیں، پرزور مذمت کرتے ہیں لیکن جناب والا، ساتھ ساتھ ہم یہ بھی بتانا چاہتے ہیں کہ یہ ہو کیوں رہا ہے؟ ایک مرض ہے اور ایک مرض کا علاج، مرض کے بھی بہت سارے اسباب ہو سکتے ہیں اور مرض کے بھی بہت سارے شعبے ہیں اور اس کا علاج بھی جناب والا، تو جناب والا، بنیادی بات یہ ہے کہ اللہ رب العزت فرماتا ہے: "وَلَن تَرْضَىٰ عَنكَ ٱلْيَهُودُ وَلَا ٱلنَّصَـٰرَىٰ حَتَّىٰ تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ " ، یہ یہود و ہنود آپ امت مسلمہ سے راضی نہیں ہونگے جب تک آپ ان کی تہذیب کی، ان کی ثقافت کی پیروی نہیں کرینگے اور جناب والا، جناب رسول ﷺ کا ارشاد ہے، وہ فرماتے ہیں "لَتَتَّبِعُنَّ سَنَنَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ شِبْراً بِشِبْرٍ وَ ذِرَاعاً بِذِرَاعٍ حَتَّى لَوْ دَخَلَ أَحَدُهُمْ فِي جُحْرِ ضَبٍّ لَدَخَلْتُمُوها"، آپ پیروی کرینگے پچھلے گزرے ہوئے لوگوں کی ہاتھ بہ ہاتھ، بالش بہ بالش اور یہاں تک اگر انہوں نے گوہ کے سوراخ میں گھسنے کی کوشش کی ہے تو آپ بھی اس تشنیع عمل کا ارتکاب کرینگے، آپ بھی گوہ کے سوراخ میں گھسنے کی کوشش کرینگے۔ صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ " الْيهُودَ وَ النَّصَارَى" یہ گزری ہوئی قوموں سے مراد آپ کا یہود و ہنود ہے؟ تو جناب رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں "فَمَنْ" اور کون ہو سکتا ہے؟ تو جناب والا، دوسری طرف ہم جس ملک میں رہ رہے ہیں جناب سپیکر، یہ ملک جس مقصد کیلئے بنا ہے، وہ سب پر عیاں ہے۔ جناب والا، اس ہاؤس کے ممبر بنتے ہوئے اس کے بعد آپ نے بحیثیت ڈپٹی سپیکر اور اس ہاؤس کے وزراء نے بحیثیت وزراء ہم جو حلف اٹھاتے ہیں، اس حلف میں اس ملک کے اساسی نظریے کا ذکر ہے جناب سپیکر، اور وہ یہ ہے "اور یہ کہ میں اسلامی نظریے کیلئے کوشاں رہونگا جو کہ قیام پاکستان کی بنیاد ہے۔" تو جناب والا، پھر ہمارا آئین آرٹیکل نمبر 2 بتاتا ہے، اسلام پاکستان کا

مملکتی مذہب ہو گا اور اس سے آگے 2A "قرارداد مقاصد"، وہ اس آئین کا حصہ ہے، وہ کہتا ہے، وہ بجسبہ نافذ ہو گا۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

<u>ایک رکن:</u> مسیحی، مسیحی۔۔۔

<u>جناب محمد عصمت اللہ:</u> اور بجسبہ نافذ ہو گا اور جناب سپیکر، ایک قرارداد میں بڑے ادب سے اس ہاؤس کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں آپ کی وساطت سے، وہ یہ ہے کہ "اللہ تعالیٰ ہی حاکم مطلق ہے، اللہ تعالیٰ ہی حاکم مطلق ہے اور پاکستان کی جمہور کو جو اختیار اور اقتدار ملا ہے، وہ اس کے یعنی اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ حدود کے اندر رہتے ہوئے استعمال کرینگے" تو جناب والا، اس ملک کا، اس ملک کے امن و امان کا سب سے بڑا مسئلہ یہاں سے پیدا ہوتا ہے۔ ایک طرف یہ ملک ایک نظریے پر بنا ہوا ہے اور دوسری طرف یہود و ہنود اس ملک کے باسیوں کو اپنے اختیار سے، عوام کے اختیار سے اس ملک کے اس اساسی نظریے پر عمل کرنے کیلئے چھوڑتے نہیں، یہ سب سے بنیادی بات ہے جناب سپیکر! امن و امان کیلئے۔ جناب والا، میں آپ کو یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں، آپ مجھے بتائیں، ہم کیا کرینگے؟ کوہاٹی گیٹ کا یہ دلخراش واقعہ رونما ہوا، طالبان کہتے ہیں ہم نے نہیں کیا، پھر سرکاری ملازمین کی بس کا حادثہ ہوتا ہے افسوسناک، طالبان کہتے ہیں ہم نے نہیں کیا، قصہ خوانی بازار کا واقعہ رونما ہوتا ہے، طالبان کہتے ہیں ہم نے نہیں کیا اور جب جرنیل کا واقعہ آتا ہے، طالبان ذمہ داری قبول کرتے ہیں اور جب یہ واقعات پیش آتے ہیں، طالبان انکار کرتے ہیں کہ ہم نے نہیں کیا، ان کو انکار کرنے میں کیا دشواری ہے؟ لیکن جناب والا، میں آپ کو حقیقت بتا رہا ہوں، یہ اس طرح نہیں ہے جناب والا، یہ مسئلہ بہت آگے نکل چکا ہے، یہ انتہائی سنگین مسئلہ ہے، یہ اتنی اہمیت کا حامل ہے کہ پوری قوم کو سیاسی اختلافات بالائے طاق رکھ کر سر جوڑ کر بیٹھنے کا وقت ہے ورنہ یہ پانی سر سے گزر جائے گا جناب والا۔ جناب والا، میں آپ کو بتاتا ہوں، اسلامی نقطہ نظر سے بتاتا ہوں، یہ کوہاٹی گیٹ گرجا گھر پر خودکش حملے کے حوالے سے بتاتا ہوں، ہمیں اسلام اور پیغمبر اسلام کیا ہدایت دیتے ہیں، غیر مسلموں کے بارے میں کیا ہدایت دیتے ہیں؟ جناب رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں: **"دمائهم کدمائنا و اموالهم کاموالنا"**، ان کا خون ہمارے خون جیسا ہے۔ یہ غیر مسلموں کا خون، جو ہماری حکومت میں رہ رہے ہیں، مسلمانوں کی حکومت میں رہ رہے ہیں، ان کا خون ہمارے خون جیسا ہے اور ان کا مال ہمارے مال جیسا ہے، یہ پیغمبر اسلام کے الفاظ ہیں جناب سپیکر اور پھر فرماتے ہیں، ان کیلئے شخصی آزادی، ان کیلئے اپنی مذہبی

آزادی، وہ کیا ہے؟"الخمر لھم کاالخل لنا والخنزیر لھم کاالشاۃلنا"، پھر فرماتے ہیں، ان کیلئے شخصی آزادی بھی اتنی ہے، ان کیلئے شراب، اگر ان کے مذہبی عقیدے کے مطابق اجازت ہے تو ایسا ہے جیسا کہ ہمارے لئے سرکہ ہے، ان کیلئے خنزیر کا گوشت ایسا ہے جیسا کہ ہمارے لئے بکری کا گوشت آزاد ہے لیکن ہم کب اسلامی اصولوں پر عمل کر رہے ہیں جناب والا؟ ہم نے تو یہ سمجھا ہے، میں آپ کو صاف بتا دوں جناب سپیکر، ہم نے تو یہ سمجھا ہے کہ اسلام نماز تک محدود ہے، اسلام روزے تک محدود ہے، اسلام زکواۃ تک محدود ہے، اسلام حج تک محدود ہے، اسلام نکاح تک محدود ہے، اسلام طلاق تک محدود ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے جناب والا، اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے، مکمل ضابطہ حیات ہے اور یہ احکامات جو میں نے آپ کو بتائے، یہ احکامات تو مکی سورتوں میں زیادہ پیش آتے ہیں اور مدنی سورتوں میں اس وقت جب جناب رسول اللہ ﷺ پیغمبر تھے اللہ کے، تو اسی طرح مسلمانوں کے خلیفہ بھی تھے، اس نے دس سال خلافت میں گزارے ہیں اور جناب رسول اللہ ﷺ کی رحلت کے بعد صحابہ کرام کا سب سے پہلا اجتماع جس میں انصار و مہاجرین سب اکٹھے ہیں، وہ بھی اسی خلافت کیلئے ہے۔ نماز کیلئے خلافت کی ضرورت نہیں ہے، وہ انفرادی عمل ہے۔ زکواۃ دینے کیلئے خلافت کی ضرورت نہیں ہے، وہ بھی انفرادی عمل ہے۔ حج کیلئے بھی خلافت کی ضرورت نہیں ہے، وہ بھی انفرادی عمل ہے۔ روزے کیلئے بھی خلافت کی ضرورت نہیں ہے، وہ بھی انفرادی عمل ہے، تو کیا اسلام ہمیں صرف انفرادی عمل تک محدود رکھتا ہے؟ تو پھر تو یہ مکمل ضابطہ حیات نہیں ہوا۔ تو پھر جناب رسول اللہ ﷺ نے دس سال حکومت کیوں کی، زمام اقتدار اپنے ہاتھ میں کیوں لی اور پھر سب سے پہلے ابو بکر صدیقؓ کیوں خلیفہ بنے، پھر عمرؓ کیوں خلیفہ بنے، پھر عثمانؓ اور علیؓ کیوں خلیفہ بنے؟ جناب والا، میں آتا ہوں اس مقصد کی طرف، یہ تمام برائیاں، یہ تمام برائیاں، یہ غیر ملکی سازشوں کی وجہ سے ہو رہی ہیں۔ کیا جناب سپیکر، آپ کے ملک میں بلیک واٹر موجود نہیں ہے، کیا آپ کو معلوم نہیں ہے، اس قوم کو معلوم نہیں ہے کہ ان کا کیا مشن ہے اور وہ کہاں کہاں پہ ہیں، کہاں کہاں تک پہنچ چکے ہیں؟ کیا ان سب لوگوں کو معلوم نہیں ہے کہ ہمارے ملک میں ایک ملک کا سفارتخانہ 18 سو کنال پر مشتمل ہے اور اس میں کتنے لوگ موجود ہیں؟ کیا سفارت کیلئے اتنے لوگوں کی ضرورت ہوتی ہے؟ لیکن جناب والا، یہ زور آور اور کمزور کی بات ہے، یہ زور آور اور کمزور کی بات ہے جناب والا، اسلام جتنا امن کا طلبگار ہے، دنیا کا کوئی نظام اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا ہے۔ جناب والا، حضرت ابراہیمؑ اللہ سے مانگتا ہے "رَبِّ اجْعَلْ هَـٰذَا بَلَدًا آمِنًا وَارْزُقْ أَهْلَهُ مِنَ الثَّمَرَاتِ" جب خانہ کعبہ کو تعمیر کرنے کے بعد حضرت ابراہیمؑ یہی

الفاظ سے اللہ سے مانگتا ہے، اے اللہ! اس شہر کو امن کا گہوارہ بنا، اس شہر کو امن کا گہوارہ بنااور معیشت کا سوال بعد میں کرتا ہے، اے اللہ! اس شہر کے لوگوں کو بھر مار انداز میں میوہ جات سے بھی نوازے، معیشت سے بھی نوازے لیکن جناب والا، ہمارے اس ملک کا امن تباہ ہونے کی سب سے بنیادی وجہ اس ملک کے اساسی نظریے سے دور ہونا ہے، اساسی نظریے سے دور ہونا ہے اور اساسی نظریے کو چھوڑنا ہے اور میں نے آپ کو ابتداء میں بتایا کہ یہود و ہنود کی سازش جاری و ساری ہے، وہ ہمیں کبھی بھی پر امن طریقے پر اپنے ملک میں اسلام کے زریں اصولوں پر عمل کرنے کیلئے نہیں چھوڑیں گے، یہ ان کا مشن ہے، اس سے کون ناواقف ہے؟ اور پھر معروضی طور پر یہ طالبان کا مسئلہ جو سامنے آیا ہے جناب سپیکر، اس بارے میں بھی میں آپ کا تھوڑا سا وقت لینا چاہونگا۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> کوشش کریں جی، مختصر کریں، بڑا وقت لیا۔ میرے پاس تقریباً بیس سے زیادہ لوگوں کی لسٹ ہے جی۔

<u>جناب محمد عصمت اللہ:</u> ٹھیک ہے جی، ٹھیک ہے جی لیکن اس پر بھی اگر ہم منصفانہ نظر ڈالیں، غیر جانبدارانہ نظر ڈالیں، دونوں زاویوں سے ان کو دیکھ لیں تو یہ بھی سب پر عیاں ہے، یہ تو امریکہ اور افغانستان کی جنگ تھی اور ہمارے اس ملک کے مقتدر طبقات نے جن کے ہاتھ میں اس ملک کی زمام اقتدار تھی، انہوں نے کہا کہ ہم امریکہ کے ساتھی ہیں، صف اول کے ساتھی ہیں، فرنٹ لائن کے ساتھی ہیں تو پھر جن لوگوں کی ہمدردیاں طالبان کے ساتھ تھیں، انہوں نے کہا کہ اگر آپ امریکہ کے ساتھی ہیں، وہ ہمارے ملک پر غاصب ہے، قبضہ کرنا چاہتا ہے تو ہم طالبان کے ساتھی ہیں، یہاں سے جنگ اس ملک میں آگیا جناب سپیکر، پھر ہم نے کیا کیا جناب سپیکر؟ وہ اس کے رد عمل میں پیدا ہوا۔ تو جناب والا، یہ نہیں ہو سکتا کہ آپ بال دیوار پر پھینکیں اور وہ واپس نہ آئے، ایسا نہیں ہو سکتا، جب آپ بال دیوار پر پھینکیں گے تو وہ واپس آکر آپ کے سر پر پڑھے گا جی، سر پر مار دیا جائے گا۔ تو جب تک ہم امریکی اتحاد سے نہ نکلیں، جب تک ہم امریکی پالیسیوں کا دفاع اور امریکی پالیسیوں کی پاسداری نہ چھوڑیں تو یہ رد عمل ختم نہیں ہو سکتا جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، یہ رد عمل ہے اور دوسری بات جناب سپیکر، آئین پر عملداری نہ ہونا بھی ملک کو تباہی کی طرف لے جا رہا ہے۔ جناب والا، ایک طرف ہم اس بات پر تو زور لگاتے ہیں کہ بلدیاتی الیکشنز آئین کا تقاضہ ہیں، ہماری حکومتیں بھی اس طرف دوڑ لگاتی ہیں، ایک دوسرے سے پیش قدمی اور پہل کرنا چاہتی ہیں، ہماری عدلیہ بھی اس پر زور لگاتی ہے لیکن اسی آئین کا تقاضہ ہے، اسی آئین میں ایک ادارہ ہے جس کو اسلامی

نظریاتی کونسل کہتے ہیں اور اس اسلامی نظریاتی کونسل کے فرائض منصبی میں یہ بات شامل ہے کہ وہ سفارشات مرتب کرے گی، کس چیز کی؟ کہ آئین کی یہ شق غیر اسلامی ہے، اس کی جگہ یہ شق اسلامی ہے، وہ سفارشات مرتب کرکے پارلیمنٹ کو اور چاروں صوبوں کو بھیجے گی اور وہ بھیج چکی ہے، پارلیمنٹ کی ملکیت بن چکی ہیں، ہماری اس اسمبلی کی ملکیت بن چکی ہیں۔ اگر میں پوچھتا ہوں کہ اس کے مطابق، آئین کے مطابق قانون سازی کیوں نہیں کی جارہی ہے اور یہ میں آپ کو اس ہاؤس کے فلور پر بتانا چاہتا ہوں، اگر اس پر عملدرآمد شروع ہوا تو میں آپ کو پورے وثوق سے کہتا ہوں جناب سپیکر کہ اس ملک میں امن بھی آئے گا، معیشت بھی مضبوط ہوگی، اللہ بھی راضی ہوگا، رسول ﷺ بھی راضی ہوگا اور اس ملک کا جو بنیادی اساسی نظریہ ہے جس کیلئے یہ ملک معرض وجود میں آیا ہے، تو سب کچھ ملے گا۔ ہاں اگر ہم نے اللہ کے قانون کو، رسول ﷺ کے بتائے ہوئے طریقوں کو جو حکومتی سطح پر ہیں، اجتماعی اعمال میں ہیں، ان کو یکسر نظر انداز کرکے اگر یہود اور ہنود کے طریقوں کو ہم نے اپنایا تو پھر نہ امن آسکتا ہے اور نہ ہماری معیشت مضبوط ہوسکتی ہے اور صرف اور صرف ان لوگوں کی غلامی میں روز بروز ہم آگے بڑھتے جائیں گے، اپنے آقا کو خوش کرنے میں ہم دو قدم آگے لے سکیں گے لیکن اس ملک کے اساسی نظریے کیلئے ہم کچھ نہیں کرسکیں گے اور بالآخر یہ ملک مزید فتنوں سے دوچار ہوگا۔ خدارا اگر اس ملک کو بچانا ہے، اس ملک کے قیام کیلئے جن لوگوں نے قربانیاں دی ہیں، ہماری ماؤں اور بہنوں نے قربانیاں دی ہیں، آج تک بہت ساری مائیں اور بہنیں سکھوں کی گود میں ہیں، اس ملک کو بنانے کی خاطر وہ آج سکھ جنم دے رہی ہیں، خدا کیلئے ان لوگوں کی قربانیوں کے ساتھ غداری مت کرو اور آئین کی اس شق پر بھی عمل کرو۔ جس طرح بلدیاتی الیکشن کو آپ نے اور عدلیہ نے سب نے Focus کیا ہے کہ یہ آئین کا تقاضہ ہے، لہذا یہ بھی آئین کا تقاضہ ہے، اس تقاضے کو بھی پورا کرو اور پھر دیکھو کہ اس ملک میں امن آسکتا ہے یا نہیں آسکتا ہے؟ وآخِرُ الدَّعوَانا أنِ ٱلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جناب مشتاق احمد غنی صاحب، پلیز۔

<u>جناب مشتاق احمد غنی</u>: بِسۡمِ ٱللّٰهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ Thank you very much, Mr. Speaker۔ جس بات پر بحث ہورہی ہے کل سے، یہ انتہائی دلخراش واقعات ہوئے، پشاور شہر میں جو کلیسا سے شروع ہوئے اور بس پر حملے کے بعد قصہ خوانی بازار میں جاکر وہاں بھی خون کی ہولی کھیلی گئی جس کی ہم سب اور یہ پورا ایوان اور یہ حکومت پرزور مذمت کرتے ہیں۔ جناب سپیکر، قابل غور بات یہ

جناب نور سلیم ملک: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر، بہت بہت شکریہ۔ آخر میرا نمبر بھی آ ہی گیا، مجھے تو ایسا لگ رہا تھا کہ شاید آج نمبر نہ آ سکے۔ جناب سپیکر، اس اجلاس کی جس مقصد کیلئے ریکوزیشن کی گئی تھی، وہ بہت ہی دلخراش واقعات جو پچھلے آٹھ نو روز سے ہمارے صوبے میں وقوع پذیر ہوئے ہیں، سب سے پہلے تو میں ان کی سخت مذمت کرتا ہوں لیکن سوال یہ اٹھتا ہے کہ کیا میرے یا اس ایوان کے دوسرے معزز اراکین نے جو مذمت کی، کیا ان کے مذمت کرنے سے جن کے پیارے چلے گئے، کیا وہ واپس لوٹ آئیں گے؟ نہیں جناب سپیکر، ایسا نہیں ہو گا۔ کیا جو باقی زندہ بچ گئے ہیں، کیا وہ خوشحال زندگی کی طرف بڑھ جائیں گے؟ نہیں جناب سپیکر، ایسا بھی نہیں ہو گا۔ افسوس اس بات کا ہے جناب سپیکر کہ کل سے میں اس ایوان میں مستقل دیکھ رہا ہوں کہ جس اہمیت کی وجہ سے اس اجلاس کو اتنی جلد بازی میں بلایا گیا، اس کو اس طریقے سے اہمیت نہیں دی گئی۔ میرے ایک معزز وزیر صاحب نے، منسٹر صاحب نے کل کچھ اس طرح سے بیان دیا کہ کیا ہوا، پہلے بھی تو دو سو دھماکے ہوتے رہے ہیں؟ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا ہم نمبر گنتے رہیں گے اور یہی بات کہتے رہیں گے کہ قیامت کب آئے گی، کیا ابھی قیامت نہیں آئی ہے، انتظار اس چیز کا ہو رہا ہے کہ قیامت آ جائے؟ میرا خیال ہے جن لوگوں پر یہ گزری ہے، وزیر صاحب یہ مانیں گے کہ ان پر قیامت آ ہی چکی ہے اور ہم نے جو یہ اجلاس بلایا، یہ صرف کسی پہ تنقید کرنے کیلئے یا کسی کو مورد الزام ٹھہرانے کیلئے نہیں بلایا۔ جناب سپیکر، حکومت حکومت ہوتی ہے، میرے ایک معزز حکومتی بھائی نے اب سے کچھ دیر پہلے کہا کہ سٹیٹ کی ایک پاور ہوتی ہے، سٹیٹ کے پاس پاور ہوتی ہے، یقیناً ہمیں یہ یقین تھا کہ سٹیٹ اس پاور کا استعمال کرے گی، کوئی ایسی Strategy devise کی جائے گی جس کے تحت یہ جو بغداد والا واقعہ تو سن رکھا ہو گا کہ وہاں پر جنگ ہو رہی تھی اور اندر فیصلے ہو رہے تھے کہ یہ پرندہ حلال ہے کہ حرام ہے؟ آج ہم اس چیز کا احساس ہی نہیں کر پا رہے کہ ہمارے ساتھ کیا ہو رہا ہے؟ پورے پاکستان میں جناب سپیکر، پورے پاکستان میں ایک قیامت آئی ہوئی ہے لیکن بالخصوص صوبہ خیبر پختونخوا میں تو اس قیامت نے تقریباً تمام صوبے کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے اور کسی کو یہ معلوم نہیں کہ اب سے کچھ دیر بعد کیا ہونے والا ہے؟ جناب سپیکر، پچھلے اتوار کو جو چرچ پر حملہ ہوا، اس وقت میں

کہیں باہر تھا لیکن شام کے وقت جب میں نے ٹی وی On کیا اور وہ قیامت خیز مناظر جو ٹی وی دکھا رہا تھا تو جناب سپیکر، غم اور تکلیف سے رونا آ گیا کہ آخر بے گناہوں کا کیا قصور ہے، بے گناہ کیوں مر رہے ہیں؟ اور وہ واقعہ ابھی مکمل طور پہ اپنے آثار نہیں مٹا سکا تھا کہ پھر جمعہ کو سیکرٹریٹ ملازمین کی بس پر دھماکہ ہو گیا۔ وہ واقعہ بھی ابھی گزرا نہیں تھا کہ جمعہ، سنڈے کو پھر پشاور شہر میں ہی ٹھیک اس چرچ سے کچھ فاصلے پر دوبارہ بے گناہ لوگوں پر دھماکہ کیا گیا۔ اب اس سے پہلے تو خودکش دھماکے ہوتے تھے، اب تک جو رپورٹ میں نے دیکھی ہے جناب سپیکر، اس میں یہی بتایا گیا ہے کہ یہ Planted device تھا۔ جناب سپیکر، کل جب میرا اپنے گاؤں سے اسلام آباد کی طرف عازم سفر تھا تو بالکل ٹھیک یہاں اسمبلی کے باہر جو ناکہ لگا ہوا ہے، وہاں پہ میری گاڑی کو روکا گیا اور کہا گیا کہ آپ اپنا ٹرنک دکھائیں، اس میں کیا ہے؟ یقیناً میرے پاس سامان تھا، مجھے دو دن کیلئے جانا تھا، اس میں میرا بیگ بھی تھا اور دوسرے چیزیں بھی تھیں، Security personnel نے وہاں پہ روک کر اور اس دوران پیچھے پوری لائنیں لگ گئیں، اس کا ذکر کل بھی ہو چکا ہے لیکن میں نے یہ بہت اہم جانا کہ اس چیز کو اٹھایا جائے کہ ٹھیک اسمبلی کے گیٹ کے بالکل باہر ناکہ لگایا گیا ہے اور یہاں پر جس طریقے سے گاڑیوں کی چیکنگ ہوتی ہے، میرا تو خیال نہیں ہے کہ اس کے بعد اس شہر میں کوئی چیز لائی جا سکے جناب۔ جناب سپیکر، اب سے کچھ دیر پہلے کچھ ارکان نے اس طرف بھی اظہار خیال کیا کہ آخر کیا کیا جائے؟ جناب سپیکر، کل سے میں سن رہا ہوں، تمام سیکنڈری ایشوز پر بات ہو رہی ہے لیکن پرائمری ایشوز کو کسی نے ٹچ نہیں کیا، سب لوگ بتا رہے ہیں کہ ہسپتال میں کیا ہوا، کس نے کس کی مدد کی، کس نے کیا کی، وہاں پہ دوائیاں تھیں کہ نہیں تھیں؟ یقیناً ہم ایک غریب صوبے سے تعلق رکھتے ہیں اور ہمارے ہسپتال بھی اسی Capacity کے ہیں جس Capacity کا یہ صوبہ ہے لیکن جناب سپیکر، کیا ہم یہ بھی نہیں کر سکتے کہ ہم جو اپنے سیکورٹی کے ادارے ہیں، اس چیز کے بارے میں ان سے پوچھا جائے کہ جو مرکز ہے اس چیز کا، جہاں سے یہ چیز سفر کرتی ہے، جہاں سے یہ چیزیں آتی ہیں، اس سلسلے میں کیا کیا جا رہا ہے؟ جناب سپیکر، مجھے بڑا افسوس ہوا کہ کل اس صوبے کے چیف ایگزیکٹیو اسمبلی میں موجود ہونے کے باوجود انہوں نے اسمبلی سیشن میں شرکت نہیں کی اور ایک اور افسوس کی بات یہ تھی کہ جب میں اس گیلری میں سے گزر رہا تھا تو اندر سے قہقہوں کی آواز آ رہی تھی جو کہ یقیناً اس طرح کے موقع پر، اس طرح کے واقعہ کے بعد Expect نہیں کی جا رہی تھی۔ جناب سپیکر، حکومت ماں باپ کی طرح ہوتی ہے، حکومت اپنے عوام کیلئے ایک سایہ ہوتی ہے، حکومت سے ہی آدمی التجاء کرتا ہے، ہمارے حکومتی ارکان بہت جلد

جذباتی ہو جاتے ہیں۔ جناب سپیکر، ابھی بھی میں دیکھ رہا ہوں کہ کچھ لوگ جذباتی ہونے جارہے ہیں لیکن میرا مشورہ یہ ہوگا کہ اگر ہم جذبات سے کام نہ لیں، صبر و تحمل سے اس چیز کو جو ذمہ داری ہمارے کندھوں پر آئی ہے، اس سے عہدہ برآ ہوں جناب سپیکر، یہ کہنا بہت آسان ہے کہ پچھلی حکومتوں میں ایسا ہوگیا۔ یقیناً جناب سپیکر، پچھلی حکومتوں میں ایسا ہوا ہوگا، کیا اب ہم اس سے جان چھڑا سکتے ہیں کہ پچھلی حکومت میں ایسا ہو گیا لہذا ہماری حکومت میں بھی ایسا ہوتا رہے گا؟ جناب سپیکر، اس طرح کی بات کچھ اچھی نہیں لگتی کیونکہ جو پچھلی حکومتوں میں ہوا ہے، اس کی وجہ سے آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ تبدیلی کے آثار کی طرف عوام نے توجہ کی تو امید تھی کہ وہ تبدیلی کے جو آثار ہیں، وہ نظر آنے چاہئیں۔ عموماً یہ بات کی جاتی ہے اسمبلی کے فلور پر کہ جی ہمیں صرف تین ماہ ہوئے ہیں یا ساڑھے تین ماہ ہوئے ہیں یا چار ماہ ہوئے ہیں، یقیناً میری طرف سے کبھی بھی ایسی خواہش کا اظہار نہ اب کیا جائے گا اور نہ بعد میں کہ میں یہ Expect کروں کہ تین ماہ میں آپ نے تمام چیزیں تبدیل کر کے رکھ دینی ہیں لیکن یہ Expectation اس صوبے کے عوام کو بھی ہے اور ہمیں بھی ہے کہ کچھ نہ کچھ آثار نظر آجانے چاہیئں، اگر کچھ ہو رہا ہے۔ جناب سپیکر، میں اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ایک بات کا اور بھی ذکر کرنا چاہتا ہوں جو کہ اسی سلسلے سے جڑی ہوئی ہے۔ پچھلے اجلاس میں میں نے حکومت کی توجہ اس طرف مبذول کرائی تھی جناب سپیکر، میرے ضلع ضلع لکی مروت میں امن وامان ایک لاحاصل مسئلہ بنتا جارہا ہے اور میں نے اس کا ذکر بھی کیا تھا کہ وہاں پر دن دیہاڑے مین شاہراہ پر، جسے انڈس ہائی وے اور N-55 بھی کہا جاتا ہے، اس شاہراہ پر دن دیہاڑے Security personnel کا یونیفارم پہنے ہوئے لوگ لوگوں کو لوٹ رہے ہیں، میرے معزز منسٹر صاحب نے مجھے یقین دہانی بھی کرائی تھی کہ ان شاء اللہ وہ متعلقہ ڈی پی او سے اس چیز کے مداوے کیلئے کہیں گے اور وہاں پہ گشت بڑھایا جائے گا۔ افسوس کا مقام یہ ہے جناب سپیکر کہ جس واقعے کا میں نے ذکر کیا، اس کے ٹھیک چھ روز بعد میرے ہی گاؤں میں میرے گھر سے سو میٹر کے فاصلے پر دن دیہاڑے نہیں، رات کو سوتے ہوئے لوگوں کو قتل کر دیا گیا اور پولیس کا وہی بہانہ کہ ہم تلاش کریں گے، جناب سپیکر! افسوس ہوتا ہے کہ کیا اگر میں نے اس واقعے کا ذکر نہ کیا ہوتا تو شاید میرے گاؤں میں ایسا واقعہ نہ ہوتا، افسوس یہ ہے کہ کس کے پاس التجاء کریں، کس سے کہیں، کون ہماری باتوں کو سنے گا، کون ان کا مداوا کرے گا، کس سے کہا جائے؟ اگر ڈی پی او سے کہا جائے تو وہ نفری نہ ہونے کا رونا روئے، اگر حکومت سے کہا جائے تو وہ کہے کہ ہمیں تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں۔ جناب سپیکر، مجھے ایک بات کا احساس ہے کہ اس تمام معزز ایوان میں جتنے

بھی اراکین بیٹھے ہیں، وہ تمام لوگ منتخب ہو کر آئے ہیں اور ان کو عوام نے اسی لئے منتخب کیا ہے کہ وہ ان کی آواز حکومتی ایوانوں تک پہنچائیں گے۔ جناب سپیکر، میں یہ چاہوں گا ٹریژری بنچز سے کہ وہ اب کوئی ایسی Strategy کی طرف جائیں اور کوئی ایسی Strategy بنائیں، ہماری طرف سے جتنا بھی تعاون درکار ہو گا ان شاء اللہ تعالیٰ ہمیں پیچھے نہیں پائیں گے۔ ہم تجاویز دے سکتے ہیں لیکن پھر وہی بات ہو گی، ابھی بھی حکومتی رکن کی طرف سے، ایک معزز رکن کی طرف سے کچھ دیر پہلے یہی بات کہی گئی کہ اپوزیشن نے ہوم ورک نہیں کیا اور تجاویز نہیں دے رہی، سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہم نے جتنی پہلے تجاویز دی ہیں، ان پر اب تک کتنا عمل ہو چکا ہے جو اب ہم مزید تجاویز دیتے پھریں؟ جناب سپیکر، اگر تجاویز کی بات ہے تو اگر آپ کل اجلاس بلا رہے ہیں تو ہم تجاویز کے ساتھ آئیں گے لیکن پھر ہونا یہ چاہیئے کہ ان تجاویز پر عمل بھی ہو اور ان کو تنقید نہ سمجھا جائے اور ان کو اس زمرے میں نہ لیا جائے کہ یہ حکومت کے خلاف بات کی جا رہی ہے۔ جناب سپیکر، میں امید کرتا ہوں کہ ہمارے صوبے کے عوام، مجھے معلوم ہے کہ میرے وزیر قانون صاحب کی کافی تعریف ہوئی اس میں، مجھے فخر ہے کہ ہمیں ایسے وزیر قانون میسر آئے ہیں، یقیناً یہ بہتری کی طرف لے کے جائیں گے اور مجھے یہ بھی یقین ہے کہ انہوں نے جو بات کہی تھی پچھلی دفعہ اس فلور پر، وہ یقیناً انہوں نے آگے بھی بڑھائی ہو گی لیکن اس پر عمل نہیں ہوا، اس کے بارے میں اب یہ ضرور کچھ ذکر کریں گے۔ جناب سپیکر، میں چاہتا ہوں کہ جو تلخیاں کل سے اب تک اس اجلاس کے دوران، اس ایوان کے دوران رہیں، وہ اب کم ہو جائیں اور ہم سب ملکر، ہم سب ملکر جو سب سے اہم مسئلہ ہے دہشت گردی کا، جو سب سے اہم مسئلہ ہے اس جنگ کا، اس کو اجاگر کریں، اس کے بارے میں ایسی تجویز لے کر آئیں جو اس صوبے اور ملک کی بہتری کیلئے ہو۔ جناب سپیکر، آپ کا بہت بہت شکریہ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جناب منور خان سے گزارش ہے کہ دو منٹ میں کوشش کریں کہ اپنی مدعا پیش کریں۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ:</u> تھینک یو، سر۔ یقینی خبره ده سر! په دې باندې پوره تفصیلی بحث وشو چې دا کوم واقعات دا شو ورځې واقعات وشو، یقینی خبره ده په حکومت باندې پریشر هم دے او منسټران صاحبان ځومره پریشر په ګورنمنټ باندې دا دومره پریشر هم په دې نورو، اسمبلی ممبران چې کوم دی، په هغوی باندې هغه هومره پریشر دے خو دوئ نه زما جناب سپیکر صاحب، دا توقعات دی بلکه د ټول اپوزیشن کسانو چې دلته راتګ، دې اسمبلی ته راتګ

او په دې اسمبلی فلور باندې خبرې کول، هغه مقصد د ممبرانو قطعاً دا نه دے چې زه د لا د د یوسفزئی صاحب شخصیت باندې چرته اټیک وکړم، لا د جناب شاه فرمان صاحب په شخصیت باندې اټیک وکړوم صرف دا کسان چې کوم دلته راغلی دی او چې د کوم مقصد د پاره دا اجلاس راغوښتلے شوے دے، زه به دوئ ته ریکویسټ کوم چې په هغې باندې د دوئ هم غضه نه کوی، دوئ په حکومت کښې دی او چې د یو حکومت Responsible کس په دې طریقې سره بیا ما ته جواب راکوی نو جناب سپیکر صاحب، بیا اخر زه هم انسان یم، زه خو هم دا سوچ لرم چې یره په حکومتی منسټرانو کښې دومره برداشت نشته دے چې یو زما ورور، زما ملګرے، زما د پارټۍ کس چې کومې Polite طریقې سره کوم تقریر وکړلو او د جناب شاه فرمان صاحب نه کم از کم زما دا توقعات هم نه وو چې هغه به هم د شوکت یوسفزئی غوندې دې طریقې سره جواب ورکوی او که ستاسو د منسټرانو دا رویه وی نو زه نن په اسمبلی فلور باندې دا خبره کوم چې د اپوزیشن نه هم بیا تاسو دا توقعات مه ساتئ چې هغه به هم مونږ ته Polite طریقې سره خبرې کوی۔ زمونږ Expectations دومره دی، دې اسمبلۍ ته چې کوم ممبران راځی، یقینی د دوئ خبرې به اؤرئ، د هغوی جواب به هم قدرې په سنجیده طریقې سره، Polite طریقې سره راکوئ او که تاسو نه دا پوره هم نه وی او ته د بچو په شان زما په روغې خبرې باندې ته غصه کوې نو بیا د دې نه بهتره دا ده چې یره د دې مطلب دا شو چې تاسو له د دغه کسان، د هغوی د خبرو تا سره جواب نشته دے، ته هغه جواب نشې پیش کولے ځکه دې طریقې باندې ته زما یو ملګری ته د غصې طریقې سره جواب ورکوې۔ نه مونږ له ستاسو په مسلمانئ کښې شک شته چې تاسو مسلمانان نه یئ او نه مونږ تاسو باندې کلمې وایو چې تاسو به زمونږ مخکښې کلمې راته تیروئ خو چې کله د صوبې پارټیانې هم دا شک او دا تحفظات کوی چې یره بهئ ایډوکیټ جنرل باندې زمونږ تحفظات دی، دا شک دے په ده باندې نو که هغه بر سر عام دا خبره وکړی چې یره زه سنی مسلمان یم نو په دیکښې غلطه خبره کومه ده، په دیکښې بده خبره کومه ده او شاه فرمان صاحب په دې باندې غصه کیږی ولې؟ زما ورور دا خبرې کوی چې د جماعت اسلامی په دې باندې خپل تحفظات وو، دغه زه بار بار

هم دا خبره درته کوم چې د بچو په شان رویه مه اختیار کوئ او چې کومه خبره نن عام په دې عوام کښې دا خبره کوی چې د بچو حکومت دے ، هغه تاسو نن ثابتوئ، دا تاسو د خپلې غصې نه ثابتوئ چې واقعی د تحریک انصاف چې کوم کسان دلته راغلی دی، هغه د ماشومانو حکومت دے او د ماشومانو په لاس کښې چې حکومت ورکوې نو دغه شان غصې به کوی او دغسې خبرې به کوی۔ زه په اخره کښې دا مجلس هغه طرف ته نه بوځم، مونږ به ان شاء الله تعالیٰ د هر قسم کوآپریشن د دوئ سره کوؤ، تاسو مونږ ته خیر دے په غصې سره جواب راکړو خو زه بیا هم خپلو ملګرو ته دا خواست کوم چې۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: چې دوئ دا غصه کوی، مونږ به ان شاء الله تعالیٰ سینه بالکل تاسو ته۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب شکیل خان صاحب۔

جناب فریڈرک عظیم: د Compensation د پاره خبره وکړه چې حکومت اعلان کوی چې د متاثرینو د پاره څه وکړی۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: هغه خیر پیکج خو به د حکومت خپل یو پروسیجر، طریقه ده، هغوی ته زما خیال دے ورکوی او په اخره کښې زه جناب سپیکر صاحب، د تاسو شاه فرمان صاحب او خاصکر جناب شوکت یوسفزئی صاحب ته دا دغه کوم چې لږ په خنده سره، لږ په هغه سره، د خلقو ستاسو نه توقعات دی او ان شاء الله تعالیٰ امید ساتو تاسو نه۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ منور خان صاحب،پلیز شکریہ۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تھینک یو سر، تھینک یو سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکیل خان صاحب، جی۔

جناب شکیل احمد {معاون خصوصی (بہبود آبادی)}: ډیره مننه، جناب سپیکر صاحب۔ د موجوده سیشن چې کومه ایجنډا ده، زه انتهائی په افسوس سره چې پرون کوم سیشن وو، هغې کښې چې کومه طریقه وه، دا نن چې کوم ډسکشن، ډیبیټ کیږی هغه اصل ایجنډا ، اصل موضوع، په هغې باندې تجاویز په هغې چا خبره ونکړه۔

په چرچ چې کوم حمله شوې وه او د مسیحی برادرئ په سوؤنو بې ګناه انسانان چې هغې کښې شهیدان شوی دی، د سول سیکرټریټ د ملازمینو په بس چې کومه حمله شوې ده، په هغې کښې چې کوم بې ګناه انسانان شهیدان شوی دی، قصه خوانی بازار کښې چې کومه دهماکه شوې ده او اچینی بالا کښې چې کومه دهماکه شوې ده، په هغې چې مونږ هرڅومره افسوس وکړو هغه کم دے۔ دا غیر انسانی فعل دے او د دهشت ګردو نه مذهب وی، نه مسلک وی او دا مسئله نه د نن مسئله ده، نه ده پرون مسئله ده بلکه د بد بختئ نه او د بده مرغه د دې شروعات چې شوی دی، په 1947ء کښې شوی دی، زه په هغه تفصیل او په هغه ډیټیل کښې تلل نه غواړم او بیا چې کله د امریکنی سامراج اثر و رسوخ دلته زیات شو، یو دور وو چې دلته د اصول او د نظریاتو په بنیاد به سیاست کیدو، مفتی صاحب خبرې وکړې، زه د هغې جواب هم نه ورکوم خو دا یو درخواست به کوم چې مفتی صاحب! دا وخت د دغې خبرو نه دے۔ جاوید هاشمی صاحب چې هرڅه وئیلی دی، د هغې شاه فرمان جواب ورکړو، مونږ مسلمانان یو، زمونږ هم هغه هومره یقین، هغه عقیده ده کومه چې ستاسو ده خو د جمعیت علماء اسلام دا د دیوبند د علماء تسلسل، د هغوی تاریخ، د هغوی تاریخ د فرنګی سامراج خلاف، د مفتی محمود صاحب سیاست چې هغه د نظریاتو د اصولو په بنیاد وو، مونږ د دې خپل علماء صاحبانو نه دغې ممبرانو نه هم د هغې سیاست توقع ساتو۔

(تالیاں) جناب سپیکر، اصل مسئله چې ده، هغه Understand کول دی، اصل مسئله چې ده هغه په دې خطه کښې د امریکنی سامراج اثر و رسوخ او د هغې مداخلت دے۔ یو دور وو چې سیاست د اصولو او د نظریاتو په بنیاد وو، د امریکنی سامراج د مخالفت په بنیاد وو، هغه وخت کښې د امریکنی سامراج دومره دخل مداخلت نه وو، ما د جمعیت علماء اسلام ذکر وکړو، زه د عوامی نیشنل پارټئ ذکر هم کول غواړم، د خدائی خدمتګارو تحریک، د هغوی قربانئ، د هغوی جدوجهد، د باچا خان فلسفه او د ولی خان بابا سیاست، هغه د Left سیاست وو، هغه د سامراج مخالفت، مخالف سیاست وو او داسې د پاکستان پیپلز پارټئ سیاست چې وو، د بهټو صاحب سیاست چې وو، هغه د مظلومو طبقاتو سیاست وو، هغه د سوشلزم په بنیاد، د سرمایه دارئ خلاف، د سرمائې د

نظام خلاف، د استحصال د نظام خلاف، د جبر د نظام خلاف یو پوزیشن اخستے وو او د هغه هغه جرم وو چې امریکنی سامراج د هغه عدالتی قتل وکړو خو د بده مرغه د پاکستان اسټیبلشمنټ، سیاسی جماعتونو او سیاسی قیادتونو خپل کردار ادا نکړو او د ډالرو په لالچ کښې مونږټول رانده شوی وو، بلکه نن حالات دې ته رسیدلی دی چې زمونږ خارجه پالیسی، زمونږ معاشی پالیسی، زمونږ داخله پالیسی د امریکنی سامراج او په اسلام آباد کښې چې کوم ایمبیسی ده د امریکې، د هغې د سفیر د مشاورت او د مرضئ نه بغیر مونږ نشو جوړولې۔ یو طرف ته هغه ډرون اټیکس کوی، زمونږ قتل عام کوی، بل طرف ته د بد امنئ دا مسئله هم د هغوی د وجې جوړه ده۔ د پوره دنیا نه ئے په 1978ء کښې چې کله د اشتراکی نظام خلاف امریکې یو پوزیشن واخستو، د جهاد یو تصور او یو کلچر ئے متعارف کړو، زما په خبرو که چا ته درد رسی، زه د هغې معذرت به هم کوم او د مداخلت (نه کولو) دا درخواست به کوم چې زه خپلې خبرې ختمې کړم، هغوی د بیا خپل جواب ورکړی۔ په هغه وخت کښې باچا خان بابا یوه خبره کړې وه چې دا د سنډا ګانو جنګ دے او په دیکښې به چیندخان مری او نن هغه خبره لفظ به لفظ صحیح ثابتیږی۔ په 1983 کښې د ولی خان یو Statement وو چې دلته کله د هماکې کیدې او د هغوی بیان دا وو چې مونږ افغانستان ته بارود لیږو نو د هغوی نه څه توقع وساتو چې هغوی به مونږ ته دلته ګلدستې رالیږی، پاکستانی ریاست، مونږ له خپله خارجه پالیسئ بدلول دی۔ مونږ له په ګاؤنډی هیوادونو کښې مداخلت ختمول دی، مونږ له په افغانستان کښې مداخلت ختمول دی، مونږ له په هندوستان کښې مداخلت ختمول دی، مونږ له په ایران کښې مداخلت ختمول دی، (تالیاں) مونږ له خپلې داخلی پالیسو باندې نظر ثانی کول دی، مونږ له خپلې معاشی پالیسئ او ټولې پالیسئ چې دی، هغه د امریکنی سامراج په ځائې د دې ځائې د غریب اولس، د مظلوم اولس د خواهشاتو او د هغوی د مفاداتو په بنیاد باندې جوړول دی۔ جناب سپیکر، که دلته د بې روزګارئ مسئله ده، که دلته د دهشت ګردئ مسئله ده، که دلته نا علاجئ مسئله ده، که دلته د امن و امان مسئله ده، دا یواځې د پاکستان تحریک انصاف مسئله نه ده، دا یواځې د صوبې د حکومت مسئله نه ده، دا د ټول ملک مسئله

ده، دا د ټول خيبر پختونخوا مسئله ده، دا د دو کروړ تيس لاکھ په دې صوبه کښې چې کوم انسانان اوسی، د هغوی د ټولو مسئله ده۔ مونږ د اپوزيشن د ورونړو نه دا تعاون، دا درخواست ورته کوؤ چې دا يواځې د حکومت د وس خبره هم نه ده، دا مسئلې زمونږ مشترکه دی، دا جنګ زمونږ شريک دے، د دې جنګ نه د وتلو د پاره به مشترکه لائحه عمل جوړوؤ، د هغې د پاره تجاويزو خبره کيږی، پکار ده چې ستاسو طرف نه هم تجاويز راشی، پکار ده چې د حکومت د طرف نه هم تجاويز راشی، مونږ سياست به کوؤ ځنګه چې مشتاق غنی صاحب وختی خبره وکړله، د هغې به موقع راځی خو نن په لاشونو باندې، د بې ګناه انسانانو په وينو باندې سياست کولو وخت نه دے او ځنګه چې مشهور انقلابی نظريه دان اينجلس وائی چې دا سوال اهم نه دے چې د مرګ نه پس ژوند شته او که نشته، اصل سوال دا دے چې د مرګ نه مخکښې مونږ ته د ژوند تيرولو حق حاصل دے او که نه دے حاصل؟ نن د ملک وسائل، د ملک اختيار چې دے، هغه د پينځه فيصده حکمرانانو په لاسو کښې دے۔۔۔۔۔۔

(عشاء کی اذان)

<u>معاون خصوصی (بہبود آبادی):</u> جناب سپيکر! د ملک وسائل، د ملک معيشت، د ملک دولت، د ملک اختيار د شپږ شپيتو کالو نه د پينځه فيصده حکمران طبقاتو په لاس کښې دے، د جرنيلانو په لاس کښې دے، د بيوروکريسی په لاس کښې دے، د وزيرانو په لاس کښې دے، د Politicians په لاس کښې دے، د پاکستان تحريک انصاف خيبر پختونخوا حکومت په وړمبی ځل د دغې Status quo د ماتولو، شليدلو فيصله کړې ده، د هغې د ختمولو فيصله ئے کړې ده نو زما به د اپوزيشن دې مشرانو ته، دې ورونړو ته دغه درخواست وی چې په دې جنګ کښې د حکومت سره مرسته وکړئ، تعاون وکړئ۔ ډيره مننه، ډيره مهربانی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> میڈم آمنہ سردار صاحبہ، پلیز۔

<u>محترمہ آمنہ سردار:</u> بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر! میں آپ کی انتہائی مشکور ہوں کہ آخر کار مجھے بھی بولنے کا موقع مل گیا، بہر حال سب سے پہلے میں پشاور میں ہونے والے تینوں دھماکوں کی پرزور مذمت کرتی ہوں اور مسیحی برادری کے ساتھ اپنی اور اپنے ساتھیوں کی جانب سے یکجہتی کا اظہار

کرتی ہوں کہ ہم ہر حال اور ہر موقع پر ان کے ساتھ ہیں اور خدا سے دعا گو ہوں کہ اللہ پاک کی رحمت سے اس خطے میں امن وامان قائم ہو۔ جناب سپیکر، چونکہ یہ یک نکاتی ایجنڈا تھا اور اس پر صرف اسی موقع پر بات ہونی تھی لیکن میں Rule 124 اور 240 کے تحت ایک قرارداد پیش کرنا چاہ رہی ہوں، میں بحیثیت رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا۔۔۔۔۔

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور (وزیر قانون و پارلیمانی امور)</u>: سر!

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی اسرار گنڈاپور صاحب، پلیز۔

<u>وزیر قانون و پارلیمانی امور</u>: سر، میری یہ گزارش ہے کہ ایک متفقہ قرارداد پورا ہاؤس لانا چاہتا ہے تو اس کیلئے جب ہم باقاعدہ یہ Rule suspend کریں گے تو اس قرارداد میں آپ کا نام بھی ڈال دیں گے کیونکہ فی الحال جو ہے، ابھی وائنڈاپ سپیچ بھی کرنی ہے تو اگر آپ کوئی مثبت تجاویز یا کوئی بات کرنا چاہتی ہیں، وہ Continue کرلیں لیکن Rule ہم آخر میں ایک بار Suspend کریں گے۔

<u>محترمہ آمنہ سردار</u>: ٹھیک ہے جی، بہت شکریہ۔ جی ٹھیک ہے، بہت شکریہ۔ تو بہر حال میں اس بات پہ یہی اپنے جذبات کا اظہار کرنا چاہوں گی کہ ہم سب کو انتہائی تکلیف ہوئی ہے یہ سن کر کہ ہمارے چرچ میں جو دھماکہ ہوا، ہمارے بہن بھائی، ہماری مسجدوں میں تو دھماکے ہوتے تھے اور اس میں ہمارے ظاہر ہے نمازی جو ہوتے تھے، وہاں پہ شہید ہوتے رہے ہیں لیکن اس میں تکلیف دہ بات یہ بھی تھی ساتھ کہ یہاں پر خواتین بھی عبادت کر رہی ہوتی ہیں اور وہ ایک بڑی تکلیف دہ بات تھی کہ ان کی بھی شہادت ہوئی اور جناب سپیکر، میں یہی کہنا چاہوں گی کہ ہم ہر موقع پر ان کے ساتھ ہیں اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ بہت شکریہ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: شکریہ جی۔ جناب اسرار گنڈاپور صاحب، پلیز۔

<u>وزیر قانون و پارلیمانی امور</u>: سر، میری یہ گزارش ہو گی کہ یہ جتنی بھی Exercise ہوئی ہے، اس میں اکثریت طور پر اپوزیشن کے ہمارے بھائیوں نے حصہ لیا ہے، گورنمنٹ کی طرف سے بھی چند افراد نے اس میں حصہ لیا ہے تو اگر ہاؤس میں یہ Consensus ہو کیونکہ ہمارے پریس کے یہ بھائی بیٹھے ہوئے ہیں، انہوں نے بھی اپنی نیوز بھی بنانی ہو گی، اگر ان کا کوئی آدھ رکن تقریر، اگر نہیں ہے تو پھر جو پولیس کی طرف سے یا ہوم کی طرف سے کچھ Facts and figures ہیں، وہ مجھے اجازت دیں، میں ایوان میں پیش کرتا ہوں ان کی تسلی کیلئے۔ (جناب سردار حسین، رکن اسمبلی سے) آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں؟

جناب سردار حسین: شکریه، سپیکر صاحب۔ زما یقین دا دے چې اسرار خان به بیا د حکومت د طرف نه ظاهره خبره ده دا دوه ورځې چې کوم ډسکشن وشو، وائنډ اپ به کوی۔ ما خپله خبره ډیره په تفصیل باندې کړې ده او په هغې باندې خبره هم کول نه غواړم بهرحال په دې ټول ډسکشن باندې خو بعضې ممبرانو هم خپل اعتراضات وکړل، زما خپل خیال دا دے سپیکر صاحب! چې دا ډیر اهم ډسکشن وشو بهر حال د هر چا، ہر ایک کی اپنی اپنی نظر تھی اور اپنی اپنی سوچ تھی، اپنی اپنی پارٹیوں کی پالیسی انہوں نے یہاں پہ آ کے ہاؤس کے سامنے رکھ دی ہے اور میرے خیال میں نہ صرف اسی ہاؤس میں اسی اہم مسئلے کی نوعیت اور اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے نمائندگی کی ہے بلکہ سارے صوبے کے عوام کی نمائندگی کی ہے لیکن آج مجھے عجیب لگ رہا ہے کہ ایک انتہائی اہم مسئلے پہ جو Concluding ہو کے جا رہا ہے، یہاں پہ چیف ایگزیکٹو صاحب جو ہیں، وہ موجود نہیں ہیں، اتحادی جماعت کے جو ہمارے سینیئر منسٹر ہیں، بہت بڑی پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ہیں، وہ یہاں پہ موجود نہیں ہیں۔ جو ہماری تیسری پارٹی ہے اتحادی حکومت میں، وہ یہاں پہ موجود نہیں ہیں تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ پھر اسی طرف سے اگر یہ بات آئے گی کہ پھر بھی پولیٹیکل سکورنگ ہو گی، پوائنٹ سکورنگ ہو گی، مجھے عجیب لگ رہا ہے، مجھے عجیب اسی لئے بھی لگ رہا ہے کہ جو ہم نے سوالات کئے تھے، مجھے یقین بھی ہے کہ جو ہمارے بھائی ہیں، اسرار اللہ گنڈاپور صاحب، وہ ہمیں فگرز بھی دیں گے جو واقعات ہوئے ہیں، میں اسلئے یہ سمجھتا ہوں کہ ہم نے پوری Definitely پوری کوشش کی تھی کہ Precise بات کر لیں، Concrete بات کر لیں، To the point بات کر لیں، Focused بات کر لیں لیکن حکومت کی طرف سے، اور پھر انتہائی اہم موضوع پہ اگر آج Presence کی یہ حال ہے، آج تو پورے صوبے کے جو عوام ہیں، وہ منتظر تھے کہ آج ہمارے چیف ایگزیکٹو صاحب جو ہیں، چار مہینے ہو گئے ہیں، اسی اہم مسئلے پہ حکومت کی جو پالیسی ہے، وہ کیا ہے؟ ان کی زبانی سننا چاہ رہے تھے پھر Plus اتحادی جماعتوں کے پارلیمانی لیڈرز کی زبانی وہ جاننا چاہ رہے تھے کہ حکومت کی طرف سے دفاتر کے جو مطالبات ہو رہے ہیں، آیا ساری الائیڈ فورسز جو ہیں، وہ ایک نکتے پہ مطلب متفق ہیں، متفق نہیں ہیں؟ تو میں ایک دفعہ پھر کہ مجھے بڑا افسوس ہو رہا ہے ان کی غیر موجودگی کا، بہر حال اسرار اللہ خان صاحب کوشش کریں گے کہ وہ ہمیں جواب دیں گے۔ تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی محترم اسرار گنڈاپور صاحب۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: تھینک یو، سر۔ سر، میں مشکور ہوں اور اپنے اپوزیشن کے بھائیوں کا بھی مشکور ہوں کہ انہوں نے اس جانب حکومت کی بھی توجہ دلائی اور کوشش یہ کی کہ اس میں جتنی بھی مثبت تجاویز ہوں، وہ سامنے آسکیں۔ سر، یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ یہ ریکوزیشن پر جو اجلاس ہے، گزشتہ پوری اسمبلی میں ریکوزیشن پر کوئی اجلاس نہیں تھا اور یہ اپوزیشن کی ایک اچھی، میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایک اچھی کوشش ہے کہ پانچ سال میں ریکوزیشن پر اجلاس نہیں تھا، ہمیشہ گورنمنٹ نے ہی بلایا تھا اور یہ نہیں تھا کہ اس وقت اپوزیشن کی اتنی تعداد نہیں تھی لیکن اپوزیشن متفق نہیں ہو پا رہی تھی، تو یہ انہوں نے میں سمجھتا ہوں کہ ایک اچھا عملی اقدام اٹھایا ہے اور ان کے اس اقدام سے یقیناً سر، گورنمنٹ بھی Accountable feel کرے گی اور یہ جو گورنمنٹ کا Response ہوگا ان شاء اللہ، اس میں وقتاً فوقتاً بہتری آئے گی اور ہم بھی یہ کوشش کریں گے کہ جو توجہ طلب مسائل ہیں، وہ ان باتوں سے ماوراء کہ آیا ہمیں ورثے میں ملے ہیں یا یہ جو ایک سلسلہ چل پڑا ہے، اس کے متعلق گورنمنٹ کیا کر رہی ہے؟ میں سر، صرف ان پوائنٹس کا جو کہ اس ہاؤس میں مختلف ممبران نے خاصکر پارلیمانی لیڈرز نے اٹھائے اور اس سلسلے میں آج ہوم اور پولیس کے جو حکام تھے، ان سے بھی میں نے بات چیت کی اور میں نے سر کوشش یہ کی کہ لگی لپٹی رکھے بغیر کوشش یہ ہو سر کہ یہ معزز ایوان ہے، اگر یہاں پہ کوئی آتے ہیں اور کوشش یہ کرتے ہیں کہ عوامی مسائل اجاگر ہوں تو ان کا مقصد ان کا حل ڈھونڈنا ہے اور وہ اگر آپ کی بائیں جانب ہوں یا دائیں جانب ہوں، وہ اس معزز ایوان کا حصہ ہیں اور ان کی کوشش کو یقیناً ہم قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اس میں سر، مسئلہ جو، پوائنٹ وائز میں اس پہ آؤں گا، لاء اینڈ آرڈر یقیناً پراونشل سبجیکٹ ہے اور پراونشل گورنمنٹ اپنی ذمہ داری محسوس کرتی ہے اور اس میں کوئی دو رائے ہو ہی نہیں سکتیں کہ لاء اینڈ آرڈر فیڈرل کا مسئلہ ہے لیکن سر، ہماری جو Law Enforcement Agencies ہیں، ان کی جو Capacity ہے، میں یہ سمجھتا ہوں کہ وہ اپنی استعداد سے زیادہ کر رہے ہیں، آپ ان کے Weapons بھی دیکھیں سر، وہ پیرا ملٹری فورسز باہر کے ملکوں میں جو اسلحہ استعمال کرتی ہیں، ہماری Law Enforcement Agencies وہی استعمال کرتی ہیں اور جس طریقے سے وہ مقابلہ کر رہی ہیں تو ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ان شاء اللہ گورنمنٹ اپنی ذمہ داریوں سے کبھی بھی غافل نہیں رہے گی اور ان کی استعداد بڑھانے کیلئے گزشتہ گورنمنٹوں نے جو کیا ہے اور ہم بھی اس میں مزید بہتری لائیں گے لیکن سر، ہم یہ بھی کوشش کریں گے کہ ہم ان کو Accountable بھی بنائیں۔ 2002-03 میں جو اس وقت کی صوبائی

حکومت تھی، ایم ایم اے کی تھی اور اس وقت جو Facts and figure تھے، کوئی 27 ہزار کے قریب پولیس افسران تھے، آج یہ جو تعداد ہے تقریباً 70 ہزار کے قریب پہنچ گئی ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ گزشتہ حکومت میں ان کی استعداد تو بڑھائی لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس گورنمنٹ کو جو مینڈیٹ ملا ہے اور اس گورنمنٹ کی جو کوشش ہے کہ جہاں وہ مراعات دیگی، اس کے ساتھ ساتھ وہ یہ بھی کوشش کرے گی کہ ان کو ہم Accountable بھی بنائیں اور ان کی استعداد کے ساتھ سر ہمیں جو مسائل پیش آرہے ہیں، وہ پولیس آرڈر 2002 ہے، اس میں پولیس کا جو ایک طریقہ کار ہے، وہ ہوم ڈیپارٹمنٹ جو ہے، ہوم ڈیپارٹمنٹ کیساتھ ان کا Liaison اور ان کی جو کوآرڈینیشن ہے، اس میں کافی Legal lacunas ہیں اور اس سلسلے میں ہوم ڈیپارٹمنٹ نے اپنی طرف سے کچھ سفارشات بھی مرتب کی ہیں اور یہ سفارشات سر، ان شاء اللہ کابینہ میں بھی آئیں گی اور ہم اس پہ لگے ہوئے ہیں، کوشش یہی ہے کہ اس کو More and more accountable بنانے کیلئے اگر لاکھوں کی کہیں Payment کرنے کی ضرورت ہے تاکہ جو سویلین کنٹرول ہے، اس کے نیچے وہ آئیں اور یہاں پر Accountable ہوں اور ہماری یہ کوشش ہوگی سر کہ اس میں اگر اپوزیشن کی طرف سے کوئی مثبت سفارشات ہوں گی، جب بھی وہ ہوں گی تو انشاء اللہ ہم ان سے بھی اس میں سفارشات لینگے۔ اس کے علاوہ سر، اس اٹیک کے حوالے سے بات ہوئی، مفتی جانان صاحب نے غالباً یہ بات کی تھی کہ 19 تاریخ کا کوئی اخبار اس کے پاس تھا اور انہوں نے کہا تھا کہ اس میں یہ چیز پہلے سے آئی تھی کہ یہ اٹیک ہونے جارہا ہے، ہوم ڈیپارٹمنٹ سے جو میری اس سلسلے میں بات ہوئی تو ان کا کہنا تھا کہ ہمیں Intercepts ملتے ہیں اور وہ Intercepts کبھی ایسا ہوتا ہے کہ Within 24 hours کوئی نہ کوئی معاملہ ہو جاتا ہے، ان Intercepts کی بنیاد پر ہم یہ تو کوشش کر لیتے ہیں کہ General vigilance کا ایک آرڈر سب کو دے دیتے ہیں لیکن اس میں سر، ہمیں یہ پتہ نہیں ہوتا کہ یہ Intercepts جب ہمارے پاس آگئے ہیں، یہ کہاں پہ جاکے کارروائی ہو سکتی ہے تو جو جنرل انسٹرکشنز تھیں، وہ اس وقت اس Intercept کی بنیاد پر ہم نے جاری کی تھیں لیکن یہ کوئی Specific target اور اس چرچ کے متعلق ایسی کوئی اطلاع نہیں تھی۔ Intercept کی بنیاد تک اگر کوئی اخبار نے ایشو لگایا ہے لیکن اس کے بعد بھی جو ان کے Standing operating procedures ہیں، اس کے حوالے سے انہوں نے ہدایات جاری کی تھیں اور ان کا یہ کہنا ہے کہ گیارہ چرچز ہیں اور ان گیارہ چرچز میں عبادات Mostly Sunday کو ہوتی ہیں لیکن دو تین چرچ ایسے ہیں کہ جس میں منگل کو بھی، مجھے

Correct کرینگے کہ وہاں منگل کو بھی عبادات ہوتی ہیں اور چونکہ جو ہمارا ایک عام طریقہ کار ہے، وہ ایک تین یا ایک چار کی نفری ہم ان کو تعینات کر کے دے دیتے ہیں اور اس نفری کے تحت یہ کہنا ٹھیک نہیں ہو گا کہ وہاں پر کوئی تھا ہی نہیں۔ جس پولیس آفیسر ز کی شہادت ہوئی ہے تو وہ موقع پر موجود تھے لیکن وہ ایک General intercept تھا اور اس کی وجہ سے جو یہ سانحہ ہو گیا ہے، یقیناً اس پہ گورنمنٹ یہ سمجھتی ہے کہ ایک بہت بڑا واقعہ ہے اور ہم ان کے دکھ درد میں برابر کے شریک ہیں اور میں تو یقیناً سر جس وقت یہ باتیں کر رہے تھے، یہ ان کی پہلی تقریر تھی لیکن میں ان سے بڑا متاثر ہوا کیونکہ جس انداز میں انہوں نے اپنی برادری کی ترجمانی کی ہے اور جس انداز میں انہوں نے اپنے فرقے کے مسیحی بھائیوں کی ترجمانی کی ہے تو بطور نئے Legislator میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ان کی بہت اچھی کاوش تھی اور میں پر امید ہوں کہ ان شاء اللہ آگے بھی یہ ہماری نشاندہی کرینگے اور ہماری بھی یہ کوشش ہو گی کہ ان کے دکھوں کا مداوا کر سکیں۔ اس کے علاوہ سر، یہاں پر غالباً محمد علی شاہ صاحب تھے، وہ اس وقت نہیں ہیں، سری لنکن مثال انہوں نے دی تھی کہ انہوں نے ایک Resolve show کیا تھا اور وہ Resolve یہ تھا کہ وہ دہشت گردی سے لڑے۔ ان کا دہشت گردی سے لڑنے کا سر، اگر آپ پیریڈ دیکھیں تو وہ تقریباً کوئی 25 سال تھا، خدا نہ کرے، خدا نہ کرے کہ ہماری یہ جو جنگ ہے، یہ بھی اس حد تک چلی جائے کیونکہ جہاں پر بھی یہ ہوتی ہے، اس میں Downward trend اور ایک Upward trend بھی آتا ہے اور یہ اس پہ سٹڈیز موجود ہیں تو وہ اگر دہشت گردی ختم ہوئی، تقریباً ایسا سمجھ لیں کہ ان کی 31 سال کے عرصہ پر محیط دہشت گردی تھی اور ہمارا تو ایسا سمجھ لیں کہ ایک دہائی ہونے کو آ رہی ہے اور اس میں بھی جو نقصانات ہو گئے ہیں، وہ سب کے سامنے ہیں لیکن اس کے جو Geographical یا International implications ہیں، وہ بھی آپ اور ہم جانتے ہیں اور آگے 2014 آ رہا ہے تو یقیناً خطے پہ اس کے بھی اثرات آئیں گے اور ہماری یہ دعا ہے کہ جتنی ہماری استطاعت ہو، ہم اپنی قوم اور ملک کی اس میں صحیح خدمت کر سکیں۔ میں سر، بالکل یقین سے یہ کہہ سکتا ہوں کہ ہمارے جو اپوزیشن کے بھائی ہیں، پوائنٹ سکورنگ کیلئے یہ باتیں نہیں کرتے، یقیناً وہ ہمارے لئے نشاندہی کرتے ہیں اور اگر ہم میں سے، وزراء میں سے یا ہم ممبران میں سے، گورنمنٹ پارٹی سے کوئی اس پہ ناراض ہوتا ہے تو ہمیں اپنا دل بڑا رکھنا ہو گا کیونکہ گورنمنٹ گورنمنٹ کو دل بڑا رکھنا پڑتا ہے، (تالیاں) انہی ڈسکوں پر جب اس وقت کی گورنمنٹیں ہوتی تھیں اور جس حد تک ہم چلے جاتے تھے تو یہ سر، ہمیشہ گورنمنٹ کو، ہمیں برداشت کا وہ جو رویہ ہے، وہ اپنانا

ہوگا اور ان شاء اللہ ہماری یہ کوشش ہوگی کہ ان کے جو گلے شکوے ہیں، وہ نہ رہیں اور یہ بھی ہمارے لئے ویسے ہی قابل عزت ہیں، ہمارے لئے قابل احترام ہیں اور اس ایوان کا حصہ ہیں۔ میں سر، یہ بھی کہنا چاہونگا کہ جو امدادی پیکج ہے جو ماضی کی حکومتیں تھیں، انہوں نے بھی اس حوالے سے اقدامات اٹھائے اور وقتاً فوقتاً اس میں Increase کیا، ہم اس سلسلے میں یہ کر رہے ہیں کہ اس کو باقاعدہ ایک قانون کی شکل دے رہے ہیں اور اس سلسلے میں جو مسودہ قانون ہے، وہ لاء ڈیپارٹمنٹ کو ہوم ڈیپارٹمنٹ نے دیدیا ہے کیونکہ جیسے ہمارے بھائی عسکر پرویز نے بات کی یا بعض ہمارے باقی ایم پی ایز نے اس میں بات کی کہ Timely action نہیں ہوتا، پیسے نہیں ملتے، جو موجودہ ہے سر، وہ ایک Circular کے ذریعے ہے اور وہ ہے کہ فنانس نے اس سال بھی تقریباً کوئی 30 کروڑ کی جو گرانٹ ہے، وہ دی ہے، ہوم ڈیپارٹمنٹ کی Disposal پر ہے اور یہ ایک Revolving fund ہے اور یہ Revolving fund جو ہے، وہ جیسے اس میں 30 کروڑ سے کمی آجائے تو یہ وہ Revolving fund ان کو پورا کر کے دیتے ہیں اور اس موجودہ سکیم کے تحت یہ پھر ڈسٹرکٹ کمشنرز جو ہوتے ہیں، کمشنر کو ریلیز کرتے ہیں۔ کمشنر صاحب نے، جب یہ واقعہ ہوا تو تقریباً کوئی چھ کروڑ کی ڈیمانڈ ہوئی تھی اور وہ چھ کروڑ کی جو ڈیمانڈ تھی، وہ ان کو پوری کر کے دیدی گئی لیکن یہ جو ڈیمانڈ ہے، اس کا اپنا جو ہے، چونکہ یہاں پر بات ہوئی کہ جو Dead ہیں، ان کی تعداد ان سے زیادہ ہے، ہم یہ نہیں کہتے کہ جو انہوں نے کہا ہے، وہ غلط ہے لیکن جو گورنمنٹ کا ایک Existing procedure ہے، وہ یہ ہے کہ اگر کوئی سانحہ ہو جاتا ہے تو اس کا ایم ایس جو ہوتا ہے، وہ باقاعدہ Verify کرتا ہے۔ بعض اوقات یہ ہو جاتا ہے، خدانہ کرے جو Minors ہوتے ہیں، تقریباً اُن کے جو اعضاء ہوتے ہیں، مطلب کافی تکلیف دہ بات ہے، وہ بکھر جاتے ہیں اور اس قسم کی اموات کا تعین کرنے کیلئے پھر ایک Scrutiny committee ہوتی ہے اور وہ Scrutiny committee جو ہوتی ہے، اس میں ریونیو کے بھی Officialc ہوتے ہیں، ایڈمنسٹریشن کے بھی ہوتے ہیں اور اگر یہ چاہیں تو ہم ان کے نام بھی اس میں Propose کر سکتے ہیں اور یہ اس Verification کے پراسیس کو، کیونکہ انہوں نے بھی اس بات کی تائید کی کہ ان کی برادری کی طرف سے ہمیں تقریباً کوئی 133 افراد کے نام موصول ہو چکے ہیں اور ہم ان شاء اللہ ان کو یہ یقین دلاتے ہیں کہ جتنے بھی ہونگے جو اس سانحے کا شکار ہوئے ہیں، اگر ان کو حکومت کی طرف سے امداد نہیں ملی تو حکومت ان کو امداد دینے سے انکاری نہیں ہے لیکن ایک ہے اور اس کو جتنا بھی Expedite ہم کر سکتے ہیں ان شاء اللہ کوشش کرینگے اور ساتھ ہی ہماری یہ بھی کوشش ہوگی کہ ہم ان

سے بھی اس میں Input لیں۔ اس سلسلے میں مزید گورنمنٹ یہ کر رہی ہے کہ جو تین لاکھ پیکج تھا Initially، وزیر اعلیٰ صاحب کے پاس سمری گئی ہے اور انہوں نے اس سلسلے میں ہدایات بھی کی ہیں، ہمارے شوکت یوسفزئی صاحب نے بھی غالباً کل اس کا ذکر کیا تھا کہ اس کو ہم بڑھا کے پانچ لاکھ کر رہے ہیں، جب یہ ان شاء اللہ پانچ لاکھ ہو گا تو وہ بھی ان کی فلاح کیلئے استعمال ہونگے، ہم یہ نہیں کہتے کہ یہ جو رقوم ہیں، اس سے ان کے دکھوں کا مداوا ہو سکتا ہے، یہ گورنمنٹ کی طرف سے ایک کوشش ہے لیکن سر، ہماری یہ کوشش ہے کہ یہ ہوم ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جو بل آئے گا کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ War on terror جو ہے، اس کا ون پرسنٹ NFC pool سے ہمیں ملتا ہے۔ سر، یہ انتہائی افسوس کی بات ہے کہ جب سے یہ فنڈ ہمیں ملتا ہے، اس میں Police officials کو مل رہا ہے، اس میں شہداء کو مل رہا ہے No doubt کہ وہ اس سوسائٹی کا حصہ ہیں اور وہ اس جنگ میں ہمارے لئے وہ جو پہلا راستہ روکتے ہیں، یہ روکتے ہیں لیکن At the same time, Sir جو بازاروں میں مرتے ہیں، جو گلیوں میں مرتے ہیں جن کے ساتھ یہ حادثات ہوتے ہیں، ان کیلئے میرے خیال میں اب تک کسی نے اس انداز میں نہیں سوچا اور یہ جو War on terror کا ون پرسنٹ جو کہ Billions میں پیسے آئے، ان Billions of money سے یہ عام لوگوں کو صرف تین لاکھ دیئے گئے یا اس میں جو Serious injured تھے، ان کو دیئے گئے یا اس میں کوئی Rehabilitation کا پراسیس نہیں ہے، جب یہ ایکٹ آئے گا تو اس ایکٹ کے ذریعے، یہ جو شبقدر کا واقعہ ہے، ایک خاندان سے 18 افراد چلے جائیں، اس کی Rehabilitation کا کوئی پراسیس موجودہ وقت میں نہیں ہے تو ہماری سر، اس میں یہ کوشش ہے کہ ان کی ایجوکیشن اور ان کی ہیلتھ کیلئے بھی اس میں اقدامات کئے جائیں اور وہ ایکٹ جو ہے، ان شاء اللہ ہماری یہ کوشش ہو گی کہ اس کو جلد از جلد اس اسمبلی سے ہم پاس کروائیں۔ اس کے علاوہ سر، یہ۔۔۔۔

<u>ایک رکن</u>: وہ ایکٹ اس وقت۔۔۔۔

<u>وزیر قانون پارلیمانی امور</u>: نہیں، اس میں سر چونکہ مسودہ وہ آیا ہے اور اس کے بعد اس کی کابینہ کو بھی بریفنگ ہو گی اور اس کے جو Financial implications ہیں لیکن سر ان شاء اللہ میں یہ اس ہاؤس کو یقین دہانی کرا دوں کہ اس میں ذاتی طور پر بھی میں کوشش کر رہا ہوں کیونکہ گزشتہ اسمبلی میں میں نے As a Private Member Bill وہ ٹیبل کیا تھا لیکن اس وقت وہ نہ ہو سکا، جو بھی وجوہات تھیں اور۔۔۔۔

جناب فریڈرک عظیم: وہ ایک بچی جس کو PIMS بھیجا گیا تھا، اس کی Death ہو گئی۔

وزیر قانون پارلیمانی امور: جو بھی ہے، ہم یقیناً سمجھتے ہیں سر کہ یہ ہمارے لئے ایک Eye opener ہے اور ان شاء اللہ ہماری یہ کوشش ہے کہ ان کے دکھوں کا ہم مداوا کریں۔ اس کے علاوہ سر جو باقی واقعات ہوئے ہیں، وہ بھی ہمارے بھائی ہیں، ہماری ان شہداء کیلئے دعائیں ہیں لیکن سر، ساتھ میں یہ بات بھی کروں کہ ان اقدامات کے ساتھ ساتھ آئی جی صاحب سے میں نے یہ بھی بات کی کہ جس طریقے سے کابینہ کو بریفنگ دی جا سکتی ہے، جس طریقے سے وزراء بیٹھ سکتے ہیں تو یہ معزز ایوان جو ہے، یہ بھی حق رکھتا ہے کہ اس کے ممبران بھی Facts and figures جانیں اور ان سے میں نے بات کی تو انہوں نے مجھے یہ کہا کہ چونکہ میرا چوتھا دن ہے اور اس بیچ میں اتنے واقعات ہو گئے ہیں تو میں ان کو یہ یقین دہانی کراتا ہوں کہ Subsequently جس وقت بھی ان کو ضرورت ہو گی، ہم ان کیلئے ایک 'ان کیمرہ' بریفنگ بھی Arrange کر سکتے ہیں جس میں جو پارلیمانی لیڈرز ہوں یا جن افراد کو یہ ضروری سمجھیں اور یہ جو اس کے محرکات ہیں یا جس طریقے سے اس میں تیزی آئی ہے اور اس کے علاوہ سر، ہم نے جو ٹاسک فورس کا قیام عمل میں لایا ہے، میں یہ سمجھتا ہوں سر، یہ بھی گورنمنٹ کی ایک کوشش ہے اور وہ اس طریقے سے ہے، اگرچہ اس سلسلے میں اخبارات میں آ چکا ہے لیکن اس کے TOR میں ہاؤس کے ساتھ شیئر اس وجہ سے کرنا چاہتا ہوں کہ وہ ایک جامع پروگرام بنانا چاہتے ہیں کہ اس میں انٹیلی جنس کی بھی ایک دوسرے کے ساتھ شیئرنگ ہو اور کوشش یہ ہو کہ انہوں نے پی ٹی آئی کی جو پالیسی ہے ٹائم لائن کی، اس کو تین اکتوبر کا ٹائم دیا ہے، تین اکتوبر تک انہوں نے اپنی سفارشات دینا ہونگی۔ اس سے پہلے ایم آئی، آئی ایس آئی، آئی بی یا باقی جتنی بھی، ہماری سپیشل برانچ ہے، یہ ادارے ایک ٹیبل پر نہیں بیٹھتے تھے تو یہ ٹاسک فورس کے ذریعے ہم نے یہ کوشش کی ہے کہ کمشنر کی سربراہی میں یہ کمیٹی ہو اور اس میں پولیٹیکل ایجنٹ کے ساتھ ساتھ یہ باقی جتنے بھی ادارے ہیں، یہ بھی بیٹھیں گے اور پھر یہ Identify کرینگے کہ جس طریقے سے اس ہاؤس میں نشاندہی ہوئی کہ یہاں پر بھتہ خوری کے حوالے سے یا جو باقی جرائم ہیں جو کہ Purely لاء اینڈ آرڈر کے ایشوز ہیں اور اس میں کس طریقے سے Improvement آ سکتی ہے؟ تو ان شاء اللہ ہاؤس میں ٹائم لائن ہے، وہ تین اکتوبر تک ان کو دی جا چکی ہے اور اس کے بعد وہ اپنی سفارشات مرتب کر کے دینگے۔ میں سر، یہ سمجھتا ہوں کہ جن ممبران نے اس بحث میں حصہ لیا اور جنہوں نے گھنٹوں انتظار کیا اور جو اس میں بات کرنے سے قاصر رہے، وہ سب جو ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ عملی طور پر انہوں نے یہاں پر بیٹھ کر

اس کوشش میں حصہ لیا ہے اور میں سر، یہ سمجھتا ہوں کہ ان شاء اللہ وقتاً فوقتاً ہم ان کی سفارشات سے استفادہ بھی کرینگے، جو بھی مثبت تجاویز ہیں ان شاء اللہ ہم ان کو ویلکم بھی کرتے ہیں اور ہماری سر، یہ کوشش ہے کہ یہ جو جمہوری سسٹم ہے، اس میں ہم جتنی بھی بہتری لاسکیں اور کوشش یہ کرینگے کہ اپوزیشن کی بنچز پر بیٹھ کر جو 10 سال تک ہم تقریریں کرتے رہے، یہ نہ ہو کہ آج ہماری کرسیاں چینج ہو گئی ہیں تو ہماری سوچ چینج نہ ہو، ہمارے رویے چینج نہ ہوں اور ہماری یہ کوشش ہو کہ اس ایوان کو ہم وہ وزن دیں، اگر گورنمنٹ اس کو وزن نہیں دیگی تو بیوروکریسی کیا وزن دیگی؟ اگر گورنمنٹ اس ایوان کو وقعت نہیں دیگی تو باہر اس کی کیا قدر ہو گی؟ یہ ایوان ہے، یہ ایوان مضبوط ہو گا تو ہم سب کی عزت ہو گی۔ ان الفاظ کے ساتھ ساتھ کہ اگر کسی کا کوئی جامع پوائنٹ مجھ سے اس میں رہ بھی گیا ہے تو ان شاء اللہ ہم اس کا بھی احاطہ کرینگے۔ نور سلیم صاحب کا جو گلہ تھا، میں نے ان کو کہہ دیا ہے کہ میں ان شاء اللہ اس سلسلے میں دوبارہ ان کو ہدایات بھی جاری کرونگا اور اس کے متعلق ان شاء اللہ پوچھونگا، وہ آپ سے رابطہ کریں گے۔

<u>مولانا مفتی فضل غفور</u>: جناب! اس میں ممبران صاحبان بھی۔۔۔۔۔

<u>وزیر قانون پارلیمانی امور</u>: نہیں، وہ تو میں نے یہ کہا کہ انہوں نے کہا ہے کہ ہمیں ذرا فی لحال ٹائم چاہیئے کیونکہ صرف چار دن ہوئے ہیں، ذرا مجھے ٹائم دیدیں اور اس کے بعد جب بھی کوئی Consensus develop ہوتا ہے کیونکہ وہ ایک پارٹی کیلئے نہیں ہو گی، ہماری یہ کوشش ہو گی کہ پارلیمانی لیڈرز جب Subsequently یہ محسوس کریں تو ہم ان شاء اللہ بیٹھ سکتے ہیں اور ان سے ٹائم لے سکتے ہیں۔

<u>ارباب اکبر حیات</u>: جناب! د دې به طریقه څه وی؟

<u>وزیر قانون پارلیمانی امور</u>: یہ پارلیمانی لیڈرز جو ہونگے، یہ فیصلہ کرلیں اور ان شاء اللہ ہم اسی دن۔۔۔۔۔

<u>ارباب اکبر حیات</u>: جناب! د دې به طریقه څه وی، د دې پینځه لکهو روپو؟ لږ د دې وضاحت منسټر صاحب! وکړئ۔

<u>وزیر قانون پارلیمانی امور</u>: اس کا جی جو موجودہ طریقہ کار ہے، اگرچہ Question / Answer session تو نہیں ہے، Concluding remarks ہیں لیکن سر، اس میں یہ ہے کہ وہ ایک سے دو لاکھ پر لیکر جانے کی تجویز ہے اور اس کے جو Financial implications ہیں، وہ سمری فنانس کے ذریعے وزیر اعلیٰ صاحب تک پہنچ گئے ہیں لیکن بہر حال انہوں نے ہدایات اس میں جاری کی ہیں اور

انشاء اللہ اس پر جلد عملدرآمد ہوگا، اس میں ہم باقاعدہ ایک قانون بھی لا رہے ہیں جس کا میں ذکر کر چکا ہوں۔ تھینک یو سر۔

محترمہ دینا ناز: سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، صرف ایک منٹ میں پلیز بات ختم کریں، ٹائم پورا ہوا ہے، کوشش کریں۔ جی جی دینا ناز صاحبہ، محترمہ دینا ناز۔

محترمہ دینا ناز: شکریہ سپیکر صاحب کہ آپ نے آخر میں مجھے موقع دیا بولنے کا، میری Just ایک منٹ کی بات ہے۔ اس اسمبلی کا یہ جو دو دن کا اجلاس تھا، یہ بہت سوگوار ماحول اور حادثے کے حوالے سے تھا جس کا سب کو بے حد افسوس ہے اور Specially میں یہ کہونگی کہ اس دکھ کو وہ ماں محسوس کر سکتی ہے جس کے بچے اس سے بچھڑ گئے ہیں یا وہ بہن جس کے بھائی واپس نہیں آئے یا وہ بیٹی جس کا باپ واپس نہیں آیا، انتہائی دکھ کا مقام ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ اس دکھ میں ہم برابر کے شریک ہیں، یہ تو ایجنڈا تھا ہمارے یہ دو دن اسمبلی سیشن کا، میری تمام اسمبلی سے اور جناب سپیکر! آپ سب سے، کہ اسی طرح ایک بہت اہم میری قرارداد ہے، اس کے بارے میں میں ایک درخواست پیش کرنا چاہتی ہوں، اگر اجازت ہو۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: سر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، وزیر قانون صاحب۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: جناب سپیکر صاحب، یہ جو سیشن کا ماحول ہے، وہ یہ ہے کہ Single specific purpose کیلئے ہم اکٹھے ہوئے ہیں تو ہم صرف وہی قرارداد لائیں گے۔

محترمہ دینا ناز: لیکن یہ ایسی قرارداد ہے کہ جس میں زندگی اور موت کا سوال ہے، یہ کینسر کے مریضوں کے حوالے سے ہے۔ دو مہینے سے میری یہ قرارداد التواء میں پڑی ہوئی ہے، اس کو آپ کی اسمبلی نے، آپ صاحبان نے اس کی منظوری دینی ہے، میں مختصر الفاظ میں اس کا ذکر کرونگی لیکن پہلے سپیکر صاحب، مجھے آپ سب کی اجازت چاہیئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اصل میں اس کے علاوہ بھی بہت ساری ریزولیوشنز ہمارے پاس پڑی ہیں، اس وجہ سے ۔۔۔۔۔

محترمہ دینا ناز: لیکن نہیں اس قرارداد کی ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پلیز، اب میں اجلاس سے متعلق جناب سپیکر صاحب کا۔۔۔۔۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: قرار داد اگر پیش کر لیں تو اس کے بعد۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی قرار داد۔

قاعدہ کا معطل کیا جانا

وزیر قانون و پارلیمانی امور: سر، یہ مشترکہ قرار داد ہے لیکن چونکہ ہمارے اقلیتی بھائی اگر اپنی سیٹ پر آ جائیں اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ پہلے وہ شروعات کریں، گورنمنٹ سے پہلے میں سمجھتا ہوں کہ یہ ان کا استحقاق بنتا ہے، یہ ان کی برادری پر چونکہ ایک اٹیک ہوا تھا، Rule 240 کے تحت Rule 124 کو Suspend کر کے سر، میں اجازت چاہونگا کہ قرار داد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that rule 124 may be relaxed under rule 240, to allow the honourable Member / Minister, to move their resolution? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it, and the honourable Member, to please move his resolution.

قرار داد

جناب عسکر پرویز: تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ یہ صوبائی اسمبلی 22 ستمبر 2013 کو کوہاٹی گیٹ چرچ پر ظالمانہ اور دلخراش خود کش دھماکوں سمیت دیگر پیش آنے والے ہر دو واقعات کی پرزور مذمت کرتی ہے۔ اقلیتوں کو نشانہ بنانے کا مطلب نظریہ پاکستان پر کاری ضرب ہے جبکہ یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ مشکل کی گھڑی میں پاکستانی قوم فرقہ ورانہ اختلافات سے بالاتر ہو کر ایک قوم کی طرح سوچتی ہے اور اس طرح کے بزدلانہ حملوں سے اس وحدت کو مٹایا نہیں جا سکتا۔ یہ ایوان مسیحی بھائیوں کے ساتھ بھرپور ہمدردی اور تعاون کا اظہار کرتا ہے اور ساتھ ہی دیگر دو دھماکوں کے شہیدوں کے ورثاء کو بھی بھرپور تعاون اور ہمدردی کی یقین دہانی کراتا ہے اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ اقلیتی بھائیوں کے تحفظ کو یقینی بنائے اور ان کے اداروں کی حفاظت کیلئے مربوط پروگرام ترتیب دیا جائے، نیز موجودہ وسائل کے ساتھ دہشت گردی کے خاتمے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے، ساتھ یہ ایوان حالیہ واقعات میں اہلیان پشاور کے حوصلہ کو بھی سلام پیش کرتا ہے اور مرکزی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ آل پارٹیز کانفرس میں طے شدہ

اصول کے مطابق مذاکرات کے عمل کو فی الفور عملی جامہ پہنائے تاکہ ایک دہائی سے جاری اس ملک میں دہشت گردی کے نام پر جاری جنگ کا خاتمہ ممکن ہو اور صوبہ خیبر پختونخوا سمیت پورے ملک میں امن کا قیام ممکن ہو۔ تھینک یو۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the resolution, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously.

وزیر قانون پارلیمانی امور: سر، اس میں جو باقی ممبران ہیں، ریکارڈ کی درستگی کیلئے میں نام رکھنا چاہتا ہوں: اس پہ تمام پارلیمانی لیڈرز بشمول عظیم غوری صاحب، سردار حسین بابک صاحب، نگہت اورکزئی صاحبہ، شاہ فرمان صاحب، شاہ حسین خان، ارباب اکبر حیات صاحب، جناب حبیب الرحمان خان، جناب عبدالکریم صاحب اور جناب شہرام خان ترکئی صاحب، ان سب کے نام موجود ہیں تو یہ بھی ریکارڈ کے ساتھ ہو کہ یہ تمام ہاؤس کی ایک متفقہ قرارداد ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ اب میں اجلاس سے متعلق جناب سپیکر صاحب کا فرمان پڑھ کر سناتا ہوں۔

"In exercise of the power conferred on me by Clause 3 of Article 54, read with Article 127 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan, I, Asad Qaisar, Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, do hereby order that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa shall stand prorogued on Tuesday the 1st October 2013, on completion of its business fixed for the day, till such date as hereafter be fixed".

اب میں اجلاس کو غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی کرتا ہوں۔ شکریہ۔

(اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی ہوگیا)